A. P. SABHA AMBPHALLA
LIBRARY
No .....
Date.....
JAMMU

ماہنامہ

شیرازہ

سری نگر

جلد ۲۰ ★ اکتوبر ۱۹۸۱ ★ شمارہ ۱۰

نگران و صدر اعلیٰ

محمد یوسف ٹینگ

ایڈیٹر

محمد احسن اندرابی

جموں اینڈ کشمیر اکیڈیمی آف آرٹ، کلچر اینڈ لینگویجز سرینگر

ناشر :- سیکرٹری جموں اینڈ کشمیر اکیڈیمی آف آرٹ، کلچر اینڈ لینگویجز

مطبع :- جہانگیر پریس، سرینگر

کتابت :- محمد صدیق - جی حسن - شریف احمد
شوکت احمد - حنیفہ بانو

شرح چندہ :- سالانہ ——— ۲۰ روپے
فی پرچہ ——— ۲ روپے

شیرازہ میں شایع شدہ مضامین وغیرہ میں ظاہر کی گئی آراء
سے اکیڈیمی یا ادارے کا کلّیاً جزواً اتفاق ضروری نہیں

* خط و کتابت کا پتہ *

ایڈیٹر "شیرازہ" (اردو)
جموں اینڈ کشمیر اکیڈیمی آف آرٹ، کلچر اینڈ لینگویجز
لال منڈی، سرینگر۔

سرورق
ٹی۔ سید حسن

ترتیب

حرفِ آغاز	ایڈیٹر	
شیخ محسن فانی	(ڈاکٹر) اکبر حیدری	۵
غزلیں	فضا ابن فیضی - حامدی کاشمیری	۲۹
اردو اسٹیج - ابتدائی نقوش	(ڈاکٹر) حیفہ رضا	۳۲
غزلیں	شہپر رسول - ڈاکٹر نریش	
	اسن شخصی	۴۰
مرزا دبیر کی اردو نثر اور فصیح کی نخلِ ماتم	مرزا محمد زمان آرزدہ	۴۵
غزلیں	اشرف ساحل - شہباز راجوروی	۶۶
خیبث لمحے	حیدر راحت	۶۹
صبح ہمارے لئے بھی تو تھی	عمر مجید	۷۲
میری نظر میں (تبصرہ)	محمد یوسف ٹینگ	۷۸

حرفِ آغاز

اکتوبر ۸۱ء کا شمارہ پیش خدمت ہے۔ اس شمارے میں دوسرے مضامین کے علاوہ شیخ محسن فانی کے بارے میں ڈاکٹر اکبر حیدری کا ایک تحقیقی مضمون بھی شامل کیا گیا ہے۔ جس میں حیدری صاحب نے کچھ نئی باتوں کا انکشاف کیا ہے۔

اکتوبر میں اردو کی ممتاز افسانہ نگار محترمہ عصمت چغتائی سرینگر تشریف لائی تھیں۔ اکیڈیمی نے ۷ اکتوبر کو ان کے اعزاز میں ایک عصرانے کا اہتمام کیا جس میں وادی کے اردو اور کشمیری زبانوں کے ادیبوں اور شاعروں نے شرکت کی۔ اکیڈیمی کے سیکریٹری جناب محمد یوسف ٹینگ نے عصمت آپا کا استقبال کیا اور حاضرین محفل کا ان سے تعارف کرایا۔ رسمی گفتگو کے بعد عصمت آپا نے اردو افسانے کے بارے میں اپنی آراء سے حاضرین کو مستفید کیا اور اردو زبان و ادب کے بارے میں ان کے سوالات کا جواب دیا۔

ایڈیٹر

(ڈاکٹر) اکبر حیدری کاشمیری

شیخ محسن فانی

شیخ محمد محسن نام اور فانی تخلص، شیخ محمد حسن ابن شیخ محمد کے بیٹے تھے (واقعات کشمیر منٹ اعظم دیدہ مری) فانی کے حالات زندگی بہت کم دستیاب ہیں۔ وہ اپنے زمانے میں ایک مسلم الثبوت استاد اعلیٰ پایہ کے مفکر، عظیم فلسفی، جید فاضل اور سربرآوردہ فارسی شاعر تھے مشہور اور مستند فارسی شاعر ملا محمد غنی کشمیری (ف ۱۶۸۱ء) نے فانی کی خدمت میں ہی زانوئے تلمذ تہہ کیا تھا (تذکرہ نصرآبادی قلمی) اور ان کی شاگردی فانی جیسے استاد کی دستار فضیلت کا وہ امتیاز تھا۔ مسلم شاگرد غنی کشمیری دیباچہ دیوان غنی میں فانی کے علمی تبحر اور عظیم المرتبت شخصیت کا اعتراف ان الفاظ میں کرتے ہیں:-

"غنی دریں کمالات بجناب فواضل مآب عارف معارف حقانی سالک مسلک سبحانی حضرت شیخ محسن فانی دامت علی سائر المسلمین فیوضہ انتساب داشت و خود را بہ فنائی فی الشیخ مے نگاشت"

(دیوان غنی قلمی)

اسی طرح فانی کے ایک ہم عصر مرزا محمد ماہر (ف ۱۶۶۰ء) غنی کی تاریخ وفات میں فانی کی عظمت اس طرح بیان کرتے ہیں۔ ؎

چو داش فیض صحبت شیخ کامل محسن فانی — غنی سر حلقۂ اصحاب او در نکتہ دانی شد

تہیہ چون کرد بزم شیخ را گفتند تاریخش — کہ آگاہ ہے سوئے دار البقا از دار فانی شد

بعض تذکرہ نویسوں نے شیخ یعقوب صرفی کو فانی کا استاد تسلیم کیا ہے (مجمع النفائس قلمی سراج الدین علی خان آرزو، اودھ کیٹلاگ ص ۳۹۳ ڈاکٹر امیر حسن عابدی صدر شعبہ

فارسی دہلی یونیورسٹی کی بھی یہی رائے ہے (مثنویات فانی ص۵)۔ راقم الحروف کو ان لوگوں سے اختلاف ہے کیونکہ شیخ صرفی کا انتقال ۱۰۰۳ھ مطابق ۱۵۹۵ء میں ہوا (منتخب التواریخ ملا بدایونی، دیوان منتخب سراج اورنگ آبادی) فانی اس زمانے میں پیدا ہی نہیں ہوئے تھے۔ ڈاکٹر عابدی کا یہ کہنا غلط ہے کہ صرفی کا انتقال ۱۰۱۳ھ مطابق ۱۶۰۶ء میں ہوا (مثنویات فانی ص۵)

فانی کے استاد کے بارے میں یہ تحقیق کچھ معلوم نہ ہو سکا۔ البتہ اکتساب علوم دینی کے سلسلے میں وہ مثنوی ناز و نیاز میں اپنے استاد کا نام نظام الدین محمد شیخ میرک بتاتے ہیں ؎

کہ بود استادِ من خوش طبع و زیرک — نظام الدین محمد شیخ میرک
درین عصر اہل دیں را رہنما اوست — چراغ دودمان مصطفیٰ اوست

مرزا محمد داراب جویا کشمیری (ف ۱۷۰۶ء) نے شیخ میرک کی ہجو کہی ہے۔

شیخ میرک کہ از راہِ دانش — سند عز و شان مقامش شد
بسکہ کوچک دلی کشیدہ با خلق — کاف تصغیر جزو نامش شد (کلیات جویا)

فانی کی ولادت کسی تذکرہ یا کتب تاریخ میں راقم کی نظر سے نہیں گزری۔ ڈاکٹر محی الدین صوفی نے ان کا سال پیدائش اٹکل بچو ۱۰۲۳ھ مطابق ۱۶۱۵ء میں قرار دیا ہے۔ فانی علوم متداولہ کی تحصیل کے بعد بلخ چلے گئے۔ اور وہاں نذر محمد خان والی (ف ۱۰۶۰ھ) کی تعریف میں قصیدے کہے بلخ میں کچھ عرصہ قیام کرنے کے بعد وہ ہندوستان واپس آ گئے یہاں شاہزادہ دارا شکوہ نے غیر معمولی صلاحیتوں کے پیش نظر فانی کو الہ آباد کی صدارت یعنی جج کے عہدے پر فائز کیا۔ الہ آباد میں ہی فانی نے تصوف میں شیخ محب اللہ (ف ۱۰۵۸ھ) کے ہاتھ پر بیعت کی تھی (کشمیر جلد دوم ص۳۶۶ مفتاح التواریخ ص۲۷۵)

ڈاکٹر اشپرنگر اور تھامس ولیم بیل کہتے ہیں۔ کہ فانی کچھ عرصے کے لئے الہ آباد میں صدارت کے عہدے پر مامور تھے۔ جب شاہ جہاں نے ۱۰۵۶ ہجری مطابق ۱۶۴۶ء میں بلخ فتح

کیا تو مال غنیم کے علاوہ دیوان فانی کا ایک نسخہ بھی ان کے ہاتھ آیا۔ اس میں فانی نے نذر محمد خان کی مدح میں قصیدے بھی کہے تھے۔ شاہ جہاں فانی کی اس دورخی سے چراغ پا ہو گئے اور انہوں نے فانی کو عہدہ صدارت سے معزول کر دیا۔ صدارت کے عوض فانی کے حق میں کچھ وظیفہ مقرر کیا۔ اور وہ معزولی کے بعد کشمیر میں آکر رہے (اودھ کیٹلاگ ص ۲۹۳، مفتاح التواریخ ص ۲۷۵)

ڈاکٹر صوفی (کشیر ص ۳۶۶ جلد دوم) کہتے ہیں کہ معزولی کے بعد فانی خراسان گئے واپسی پر انہوں نے سرینگر میں خانقاہ دارا شکوہ میں گوشۂ تنہائی اختیار کیا۔ اس عالم میں بھی ان کو دلی کی یاد آتی تھی۔ کہتے ہیں۔

فانی آخر منزوی در گوشۂ کشمیر شد گرچہ جائے بہتر از شاہ جہاں آباد نیست

فانی دارا شکوہ (ف ۱۶۵۹ء) اور محب اللہ آبادی کے مرید خاص تھے۔ دونوں کے ساتھ بڑا خلوص وارتباط تھا۔ فانی اور دارا شکوہ مذہبی معاملات میں ایک ہی مکتب فکر و خیال کے اولوالعزم مجدد تھے۔ فانی ان کی تعریف میں یوں رطب اللسان ہیں ؎

فانی کہ سجدۂ در دارا شکوہ کرد دیگر سرش فرود بہ ہر در نمی شود

محب اللہ آبادی کی مدح میں کہتے ہیں ؎

ہفت گردوں خلوتی از خانقاہ پیر ماست از گدا تا شہ مرید پیر عالم گیر ماست

سلطان قطب الدین نے اپنے عہد حکومت (۱۳۷۳ تا ۱۳۸۹ء) میں صدر مقام قطب الدین پورہ (حال گرگاری محلہ) سرینگر میں قرآن و حدیث کے مطالعہ کے لئے اپنے نام پر ایک یونیورسٹی "مدرسہ قطبیہ" قائم کی تھی۔ اس کے سربراہ پیر محمد حاجی قاری تھے۔ مدرسہ کے متعلق ایک دارالاقامہ یعنی ہوسٹل بھی تھا جس میں اساتذہ اور طلبہ کے قیام و طعام کا مفت انتظام تھا۔ اس کا نام لنگر بٹہ رکھا گیا تھا۔ یہ مدرسہ سکھوں کے عہد حکومت تک قائم رہے لیکن سرکاری سرپرستی کی عدم توجہ کے باعث اس کو بند کرنا پڑا۔ جہانگیر کے زمانے میں ملا جوہر ناتھ اس کے پرنسپل تھے۔ محسن فانی اسی مدرسہ میں اپنے شاگردوں کو

درس و تدریس دیتے تھے ان غنی کشمیری، محمد زماں نافع (برادر غنی کشمیری) خواجہ قاسم ترمذی اور ملا محمد کاوسہ سرفہرست تھے (کشمیر ص ۳۲۶ جلد دوم)

فانی سرینگر میں قطب الدین پورہ میں رہتے تھے۔ جس مکان میں قیام پذیر تھے اس کا نام "حوض خانہ" تھا۔ امیر شیر خان لودی کہتے ہیں:

"درمیان باغیچہ حویلی نشیمنے مربع با حوض سنگین ساختہ۔ حوض خانہ نام کردہ بود۔ ہنگام نصف النہار آں جامی نشست" (مراقع الخیال قلمی)

ظفر خان احسن اس زمانے (۱۶۴۱ء ــــ ۱۶۴۹ء) میں کشمیر کے صوبیدار تھے۔ وہ فانی پر مہربان تھے اور دونوں میں خوب گاڑھی چھنتی تھی۔ فانی ان کی تعریف میں رہتے ہیں ؎

بہار گلشنِ کشمیر باز رنگین شد ــــ کہ ابرِ فیضِ ظفر خان کامگار آمد

کچھ دنوں کے بعد دونوں کے تعلقات کشیدہ ہوگئے۔ وجہ مخاصمت یہ ہوئی کہ فانی ایک کشمیری طوائف بجی پر دل باختہ ہوگئے تھے۔ وہ حسن و جمال اور رعنائی و زیبائی میں چندے آفتاب چندے مہتاب تھیں۔ ظفر خان بھی بجی کی طرف محبت کی پینگ بڑھانے لگے لیکن وہ انہیں خاطر میں نہیں لاتی تھیں۔ اس پر فانی اور ظفر خان میں حسد کی آگ بھڑکنے لگی اور دونوں ایک دوسرے پر گندگی اچھالنے لگے۔ آخر کار ظفر خان نے بجی اور ملا فانی کی ہجو میں ایک غزل کہی۔ دو شعر حاضر ہیں ؎

خفتہ را بیدار سازد باد دامان بجی ــــ مردہ را در جنبش آرد بوئے انبان بجی

لتہ حیض بجی شد شملہ دستار شیخ ــــ رشتہ تسبیح او شد باد تنبان بجی

فانی اس کے جواب میں کہتے ہیں (مفتاح التواریخ ص ۲۷۵)

گو ظفر خان داغ شو امشب کہ فانی این غزل ــــ در الہ آباد پیش قدر دانی خواندہ است

آخر کار فانی ظفر خان سے بے زار ہو کر دہلی چلے گئے۔ مگر وہاں کشمیر کی آب و ہوا ستاتی رہی ؎

در بہار گلشن کشمیر فانی ہر طرف ــــ جز شراب ناب شمع مجلس احباب نیست

فانی کو اپنے وطن کشمیر سے بڑی محبت تھی جہاں کہیں بھی جاتے تھے کشمیر کو یاد کرتے تھے۔

در کتابہائے کشمیر از زبانِ آہِ سرد — شکوہ ہا از کوئے ہندوستان می باید شنید

فانی از بختِ سیاہت شدہ در بندِ وطن — ورنہ جائے تو بجز گوشۂ کشمیر نبود

ایک اور جگہ کہتے ہیں ؎

ہوائے برشگالِ ہند خوش آمد مرا لیکن — نسیم نوبہار کابل و کشمیر می باید

داراشکوہ اور سرمد کے قتلِ عام کے بعد جب اورنگ زیب ۱۶۶۹ء میں کشمیر اپنے لاؤ لشکر کے ساتھ وارد ہوئے تو انہوں نے محسن فانی کو اپنے پاس بلایا۔ انہیں ایک خاص خلعت سے نوازا اور مبلغ دو ہزار روپیہ نقد انعام دیا۔ اس کے علاوہ تنخواہ بھی مقرر کی (صحف ابراہیم قلمی و غیر مطبوعہ نسخۂ پٹنہ)

ملا فانی کو شراب اور افیون کی عادت تھی۔ ملا مفید بلخی (ف ۱۶۷۴ء) ان کو پسند نہیں کرتے تھے چنانچہ ایک جگہ فانی کی ہجو میں کہتے ہیں ؎

کم ز جام بادہ نبود ہر گلے از کوکنار — زیب دارا مال فانی کار می افیون کند

وفات ۔ خواجہ اعظم دیدہ مری (واقعات کشمیر ص ۱۷۰) کہتے ہیں کہ فانی نے آخری عمر میں مرض موت میں تیمم و استغفار کی تھی۔ اور اپنے کئے پر پچھتائے۔ ڈاکٹر اشپرنگر (اودھ کیٹلاگ ص ۳۹۳) تھامس ولیم بیل (منتخب التواریخ ص ۲۷۵) قدرت اللہ گجراتی (تذکرۃ الافکار ص ۵۲) اور ڈاکٹر طاہری (مثنویات فانی مطبوعہ کلچرل اکادمی سرینگر) نے فانی کا سال وفات غلطی سے ۱۰۸۱ء قرار دیا ہے۔ دراصل ان کا انتقال ۱۰۸۲ھ ہجری میں ہوا۔ اور انہی کے ایک مصرعہ سے مادہ تاریخ نکلتا ہے۔ مصرعہ یہ ہے

"رفتہ فانی بعالم باقی" (واقعات کشمیر ص ۱۷۰)

۱۰۸۲ ہجری

ڈاکٹر صوفی (کشمیر ص ۳۶۵ جلد دوم) نے مادہ تاریخ غلط لکھا ہے۔ "رفت فانی بعالم فانی" اس سے ۱۰۷۷ ہجری کا سال نکلتا ہے۔ البتہ انہوں نے ہندسوں میں ۱۰۸۲ لکھا ہے۔ فانی اپنے مکان کے

باہر اپنے ہی صحن میں (واقع قطب الدین پورہ متصل خانقاہ دلہ شکوہ زیتہ کدل) دفن ہیں (کشمیر ص ۳۶۵) مرنے کے بعد دو بیٹیاں چھوڑیں۔ ایک خواجہ قاسم ترمذی اور دوسری محمد کاوسہ سے منسوب تھیں (واقعات کشمیر ص ۱۷۷)

شاگردوں میں غنی کشمیری، نافع اور اسلم کا ذکر تذکروں میں ملتا ہے۔

شاعری۔ فانی فارسی کے کہنہ مشق استاد ہیں۔ ان کی دھوم چار دانگ عالم میں مچی تھی۔ شہرت و عظمت کے لئے یہ کیا کم ہے کہ وہ فارسی کے بلند پایہ شاعر غنی کشمیری کے استاد تھے۔ محمد صالح کنبو فانی کے ہمعصر تھے۔ وہ وہ نظام فانی پر تبصرہ کرتے ہوئے لکھتے ہیں۔

"جلوہ سنج حسن کلام است۔ و مانند بہار در کشمیر صاحب مقام شاہدان معنی را باحسن وجوہ بر صفحۂ بیان جلوہ می دہد۔ و سر انگشت قلمش عقدہ از سر رشتۂ معانی بہ نیکو ترین وصفی می کشاید۔ فکرش آرائش دہ دیوان سخن است۔ و کلکش چہرہ آرائے بتان معنی فیض اندوز کمالات طبعی و الہی بودہ۔ اوج گرامی جمیع علوم است و شاعری دوں مرتبہ آں والا فطرت است۔ و مستوری کہین پایۂ آں مہیں سردار خطۂ فکوت است۔ چوں بعض اوقات بفکر شعر می پردازد و طرۂ اشعار را بشانۂ قلم می طرازد۔ لاجرم نام آں عالی مرتبت در جرگۂ شاعران بتقدیم آوردہ" (عمل صالح جلد ۳ ص ۴۱۶)

تذکرہ نویسوں میں غالباً سب سے پہلے محمد طاہر نصر آبادی ہیں جنہوں نے فانی کا ذکر کیا ہے۔ تذکرۂ نصر آبادی ۱۰۸۳ھ ہجری میں ختم ہوا تھا۔ مولف تذکرہ نے فانی کا ذکر صیغۂ حال میں کیا جس سے معلوم ہوتا ہے کہ فانی کا ترجمہ ان کی زندگی میں ہی لکھا گیا تھا۔ تذکرے میں سہو کتابت سے فانی کے بدلے فنائی لکھا گیا ہے چنانچہ لکھا ہے "فانی غنی کے استاد ہیں۔ اور آجکل کشمیر میں ہیں"۔

فائضی کرمانی اکبر کے زمانے میں ایک نامور شاعر تھے۔ انہوں نے تذکرۂ دولت شاہ سمرقندی کو منظوم لکھا اس میں تین طبقات کا اضافہ کیا یعنی سات طبقات سے دس تک بڑھا دیئے۔ ان کے بعد اورنگ زیب کے زمانے میں لطف اللہ محمد ہندس بن احمد نے تذکرۂ دولت شاہ کا منظوم خلاصہ ترتیب دیا۔ اس

میں بدو برج کا اضافہ کیا۔ اور کتاب کا نام آسمان سخن رکھا۔ مولف بارہویں برج میں فانی کے شاعرانہ کمال کو اس طرح سراہتا ہے۔ ؎

دگر سخنور کشمیر محسن فانی است — بقائے نام وے از دولت سخن دانی است[1]

تذکرہ نویسوں نے فانی کے کلام کی خوب داد دی ہے۔ ذیل میں اختصار کے ساتھ چند اقتباسات دیئے جاتے ہیں۔ سرخوش (کلمات الشعرا قلمی ۲۴ ب)

"شیخ فانی از اکابر کشمیر صوفی مشرب بودہ۔ از مصاحبان دارا شکوہ دیوان و مثنوی خوب دارد"

شیر خان لودی (مراۃ الخیال قلمی)

"فانی..... فاضل تبحر و صاحب جاہ و پاکیزہ روزگار خوش گو و خوش صحبت بودہ"

میر وزیر علی عبرتی (ریاض الافکار قلمی)

"فانی خیلے سخن رس و خوش تقریر بود صحبتش را در کشمیر رشک افزائے گل و گلزار می توان انگاشت"

خان آرزو (مجمع النفائس قلمی)

"فانی۔ در فضل کمال و شعر شاگرد ملا مرقی است۔ خیل اہل کمال از دامن تربیت او بر خاستہ اند"

مولوی قدرت اللہ قاسمی (نتائج الافکار ص ۱۱۴)

"فانی گنجینۂ فنون نکتہ دانی شیخ محسن فانی کلانا میان کشمیر است۔ و در فضل و کمال بے نظیر تحصیل علوم و فنون از ملا یعقوب صرفی کشمیری نمود۔ و طریقہ اصناف بخوش تلاشی می پیمود۔ و بجوہر ذاتی و صفاتی مستعد بارگاہ شاہ جہاں گشتہ یکسن خلق و سیمہ رسیدہ دراں دیار مرجع خاص و عام گردید۔ حاکم صوبہ و اکابر شہر بہ ملاقاتش می رفتند۔ اوقات گرامی پیوستہ بشغل درس و تدریس ماموری داشت و از حلقہ تدریس او اکثرے از اہل کمال مثل محمد طاہر غنی و حاجی اسلم سالم علم شہرت برافراشتند"

آزاد بلگرامی (خزانۂ عامرہ قلمی)

"فانی از اہالی کشمیر است۔ درویش صوفی مشرب صاحب دیوان بودہ و با دارا شکوہ مصاحب

[1] اودھ کیٹلاگ ص ۱۱۶

داشتہ و غنی کشمیری بخدمت وے کمالات کرد۔ از منظومات اوست مصدر الآثار"

سید علی حسن خان (روز روشن)

"فانی از خوشنوایان خطۂ دل پذیر۔ و در تلامذۂ ملا یعقوب صرفی کشمیری ناقد النظیر و بطفیل شاگردی وے در سخن سرائی مرتبۂ استادی رسیدند۔ و وے در اکثر علوم علم یکتائی می افراشت"

مندرجہ بالا تذکروں کے علاوہ گلشن چند اخلاص (تذکرۂ ہمیشہ بہار قلمی) والہ داغستانی (ریاض الشعرا قلمی) حسین علی خان عاشقی (نشتر عشق قلمی) اور شیخ احمد علی سندیلوی (مخزن الغرائب قلمی) نے بھی فانی کی شاعرانہ خوبیوں اور ان کے کمال کو سراہا ہے۔

تصانیف ۔ فانی کو جملہ اصناف سخن میں مہارت حاصل تھی۔ انہوں نے غزلیں، مثنویاں، قصیدے اور رباعیاں کہیں۔ دیوان فانی کا ایک نسخہ شاہان اودھ کے کتب خانے میں تھا۔ جو اب ناپید ہے۔ اس میں صرف غزلیں تھیں جن کی تعداد تقریباً سات ہزار تھی (اودھ کیٹلاگ ص ۳۹۳) تھامس ولیم بیل نے بھی اشعار کی تعداد یہی بتائی ہے (اورینٹل بیوگرافکل ڈکشنری ص ۲۵۶) کلیات فانی کا قدیم ترین نسخہ کتب خانۂ رامپور میں محفوظ ہے اس کا سال کتابت ۱۱۷۲ھ ہے۔ ڈاکٹر عابدی فانی کے اشعار کی تعداد ۱۳۱۳۱ بتاتے ہیں۔ موصوف نے ان کی چار مثنویاں کلچرل اکادمی سرینگر سے شائع کرائی ہیں۔ تفصیلات درج ذیل ہیں۔

(۱) **ناز و نیاز** :۔ یہ تاریخی عشقیہ مثنوی سنہ ۱۱۷۲ھ میں اختتام اس کا الملک بیرلیہ میں ہوا ہے۔ ابتدا میں عشق کے کرتبوں اور کارناموں کا مفصل ذکر ہے۔ اس حصے میں زلیخا یوسف، لیلیٰ مجنوں، شیریں فرہاد، وامق عذرا اور محمود و ایاز کے عشقیہ قصے بیان کئے گئے ہیں۔ اس کے بعد حمد الٰہی، نعت پیغمبر آخر زماں اور اصحاب کی تعریف میں اشعار ہیں۔ مناقب کے بعد نظام الدین محمد، شیخ میرک، محب اللہ الٰہ آبادی اور دیگر صوفیا کا ذکر کیا گیا ہے۔

ناز و نیاز کے واقعے کا ذکر ملا عبد القادر بدایونی نے فانی سے لگ بھگ ایک سو سال قبل منتخب التواریخ

جلد دوم میں تفصیل سے کیا ہے۔ فانی نے اسے نظم کا جامہ پہنایا۔ وہ اس مثنوی کو ایران، توران اور اصفہان کے لئے بیش بہا تحفہ سمجھتے تھے۔ آخر میں مرزا محمد صائب (ف ۱۰۸۰ھ) کو بھی یاد کرتے ہیں ؎

کتابے کردہ ام در عشق تصنیف — کہ باشد بے نیاز از جلد تعریف
پوردہ از خطِ او نور معنی — کلیش نام کردہ طور معنی
قبولش گر کنند ایں شعر فہماں — شود مشہور در ایران و توران
در اندک فرصتی از سرمہ آں — کند روشن سوادِ خود صفاہاں

بصائب ہم دعائے من رساند
کہ قدر ایں دعا او نیک داند

مثنوی ۱۰۶۰ ہجری میں تصنیف کی گئی تھی۔ فانی نے خاتمے میں تاریخ کہی ہے ؎

چو ایں افسانہ را ترتیب دادم — بجست و جوئے تاریخش فتادم
بگوشم گفت ہاتف از عنایت — رقم زد کلکِ فانی ایں حکایت

۱۰۶۲ ہجری

مثنوی ناز و نیاز کی زبان سادہ، شگفتہ اور شیریں ہے۔ اس میں شعری خوبیاں بکثرت پائی جاتی ہیں یعنی شاعر کو ندرت تشبیہ اور لطف استعارہ برتنے میں قدرت تامہ حاصل تھی۔ ذیل کے اشعار میں موسیٰ کا سراپا لطیف پیرایہ میں بیان کیا گیا ہے ؎

قدش سروِ ریاضِ حسن و خوبی — بپایش سر نہادہ نخلِ طوبیٰ
زبانش بود گویا کانِ مصری — زدندانش خجل دندانِ مصری
چو شاخ نیشکر شیریں زباں بود — نبات کالپی مشہور زاں بود
لبش از خط زدہ ہر لحظہ چشمک — بشیریں کاریِ حلوائے پشمک
بداں لب جا گرفتہ نقطۂ خال — زباں چوں برگ پاں در وصف اولال

مثنوی میں کالپی کے ایک جوان سپیرہ موسیٰ اور ایک زرگر کی صاحبزادی موہنی کی داستانِ عشق نظم کی گئی ہے۔ "ناز و نیاز" کے تتبع میں فارسی اور اردو میں کئی مثنویاں نظم کی گئی ہیں۔ ان میں مقیمی کی چندر بدن و مہیار، طالب موہنی، تراب دکنی کی عاشق صادق اور میر کی دریائے عشق قابل ذکر ہیں۔

(۲) مصدر الآثار :۔ مصدر الآثار مثنوی کا تاریخی نام ہے جس سے ۱۰۶۷ ہجری کا سال برآمد ہوتا ہے۔ ذیل کے اشعار میں مثنوی کا سال تصنیف نظم کیا گیا ہے ؎

مصدر الآثار بس نام اوست ۱۰۶۷ھ — یک اثرش صورتِ اتمام اوست
مانده زمن نسخه بسے یادگار — لیک ازیں نام شدم نامدار
بود اثر هاش چو از حد فزوں — آمده تاریخ زنامش بروں

فانی کی یہ پیش گوئی درست نکلی ہے کہ "مصدر الآثار" سے انہیں شہرت ہوگی۔ اس کا ثبوت اس بات سے ملتا ہے کہ تذکروں میں صرف اسی مثنوی کا نام ملتا ہے۔

مثنوی میں آٹھ آثار کی فضیلت بیان کی گئی ہے اور وہ یہ ہیں، کلمہ طیبہ، نماز، روزہ، حج، زکوٰۃ، توبہ، تواضع، توکل۔

مصدر الآثار خالص مذہبی مثنوی ہے۔ یہ نظامی کی "مخزن الاسرار" کی بحر میں کہی گئی ہے اور فانی نے اسے بادشاہ شاہ جہاں کے نام منسوب کیا ہے۔ مثنوی کے دیباچے میں انتساب کا ذکر درج ہے۔ بادشاہ کے بارے میں کہتے ہیں ؎

که از نامش سخن را اعتبار است — نگیں از نامِ شاہاں نامدار است
شہاب الدین محمد بو المظفر — که بر سر دارد از اقبال افسر
شہے کز عدل چوں نوشیرواں است — امیر المومنین شاہ جہاں است

مثنوی میں حمد الٰہی اور نعت رسولؐ کے بعد خلفاؓ کی تعریف میں اشعار درج ہیں۔ مناقب کے بعد شاہجہاں نظامی گنجوی، امیر خسرو، مولانا جامی، شیخ صوفی اور شیخ محب اللہ الہ آبادی کی تعریف و توصیف کی گئی ہے۔

(۳) میخانہ :- مثنوی کا سال تصنیف معلوم نہیں ہو سکا اس تقریباً دو ہزار شعر ہیں۔ ابتدائی شعر یہ ہیں

بنام خدا ابتدا می کنم — کہ میخانۂ نو بنا می کنم
بشویم لب از مے چو پیر مغاں — بحمد و ثنائش کشایم زباں

مثنوی میں فانی کے صلح کل، قومی اتحاد، مذہبی رواداری اور آپسی بھائی چارہ پر بھی روشنی پڑتی ہے۔ کہتے ہیں ؎

چو مے ہمدم جام و مینا شوم — بہر مشربی تا گوارا کنم
بہ سنی دہم بادہ از چار جام — زمے تار ساند بیاراں سلام
کنم شیعہ را مست از یک قدح — کہ در یک قدح باشدش مہد فرح
بہر کس نمایم رہے سوئے دوست — کہ آرد زمن یاد در کوئے دوست
برہ تا نمانند از ہم جدا — شوم رہنمائے ہمہ تا خدا
زدم از در صلح کل بسکہ دم — دہم صلح اہل جہاں را بہم

بیا ساقی آں مایۂ صلح کل
بمن دہ کہ خندان بنوشم چو گل

"میخانہ" میں فانی نے مینا و ساغر اور خمار چشم ساقی کے علاوہ کشمیر کے قدرتی مناظر یعنی دریاؤں، ندیوں، باغوں، سبزہ زاروں اور ڈل جھیل کی تعریف کی ہے۔

ڈل جھیل کی کیفیت ؎

بہار آمد و می پرستی کنم — چو بلبل دریں فصل مستی کنم
دریں فصل جائے چو کشمیر نیست — کہ آنجا کس از اہل تزویر نیست
ز جوش گل و لالہ و نسترن — ز باغ ارم خوشتر است ایں چمن
نہ دارد چو کشمیر باغ جہاں — بروئے گل و سبزہ آب رواں

گروہ بردہ از سلسبیل آب ڈل — کہ رنگین شدہ از بہار آبِ کنول
گلشنِ آتش انداخت در آب ڈل — خدا آتشکدہ روئے تالابِ ڈل
چو آتش کند تیز تالابِ ڈل — بروکار روغن کند آبِ ڈل
دریں فصل از غنچہائے کنول — شدہ منقل آتشی آبِ ڈل
کم از جام می نیست تالاب ڈل — کہ از عکسِ گل سرخ شد آب ڈل
چو کشتی تواں سیر ایں آب کرد — کہ عکسِ گلشن بادۂ ناب کرد
زجوشِ گل و برگ سبز آب کنول — گلستان شدہ صفحۂ آب ڈل
فلک راسوادِ گلستانِ آب — شدہ روشن از عینکِ آفتاب
دریں فصل بر صفحۂ آب ڈل — کتابِ گلستان نوشتہ کنول
اگر کس کند سیر باغِ نسیم — نیارد دگر یاد باغِ نعیم
زجوشِ گل و لالۂ ایں دو باغ — شدہ گلشنِ خلد فردوس داغ
عروس ہمہ باغہا شالہ مار — کہ او را گرفتہ است ڈل در کنار
چو در عیش آباد کردم عبور — دو بالا طرب شد دو چنداں سرور
ازیں باغہا بہ بود باغ شاہ[1] — کہ فرق است از خانہ تا خانقاہ
در چشمۂ ہست دائم رواں — کہ نامش بود چشمۂ عارفاں
چناں آب ایں چشمۂ وارد اثر — کہ نوشندہ اش نیست بے چشم تر
نباشد عجب گر صفا پرور است — کہ سرچشمۂ دیدہ ہائے تر است
شنیدم شبے از لبِ دلبری — کہ ایں چشمۂ ہم بود چشم پری

---

[1] باغ شاہ — موضع درند پرگنۂ پھاگ میں دارا شکوہ نے اپنے استاد ملا شاہ بدخشی کی خواہش پر پہاڑ کی بلندی پر آباد کیا تھا۔ بیچ میں ایک نہر بھی جاری تھی تعمیرات پختہ کے آثار اب تک موجود ہیں۔ باغ میں فواروں کے علاوہ ایک حوض بھی تھا۔

دریں باغ ہر گوشہ فوارہ ہا — بگردوں برآوردہ دستِ دعا
زعکسِ گل و پرِ تو آفتاب — شدہ ہر یکے ہمچو تیرِ شہاب
چو تیرِ دعا رفتہ بر آسماں — سزد آبشش از جدول کہکشاں
نہ تنہا ازو بہرہ در حوض و جوست — کہ در جدولِ کہکشاں آب ازوست
بود حوض او حوضۂ فیلِ کوہ — سزد گر بود جائے دارا شکوہ
مگر حوض او حوض کوثر بود — کز آبش لبِ عارفاں تر شود

دریائے جہلم کا منظر

چو کردم رہ خانۂ خویش یاد — چو کشتی رہم در بہت[1] اوفتاد
بر اطراف ایں نہر اہل دیار — برافراشتہ خانہ ہا چوں چنار
چو در باغ ستیم گزار اوفتاد — عبورم شہر و دیار اوفتاد
بباغ فتح چند کردم گزر — کہ از ہند یابم در آنجا خبر
بود بر سر راہِ ہند ایں دو باغ — دریں باغہا آشیاں کردہ زاغ
چو چشمم شود روشن از باغ نور[2] — اگر صفۂ گل بخواہم چہ دور
دریں فصل یک کس ز اہل سخن — نہ خواندہ کتابِ گلستان چمن
چمن می کشد می زمینائے ابر — کہ افتد سیہ مست دریائے ابر
دریں فصل جوش و خروشِ شراب — چو باراں کند خانہ ہا را خراب
درختاں رسیدند در باغ مست — زگل جام و از غنچہ مینا بدست
بدہ ساقی آں آتشِ نخل طور — کہ بزم حریفاں شود باغ نور

---

[1] کتب تواریخ میں دریائے جہلم کو کہتے ہیں۔

[2] متصل ایدگاہ مغرب کی طرف واقع ہے جو مہاں بیگم نے بنایا تھا۔ زونی مر کے راستے سے باغ میں ایک نہر بھی جاری تھی۔

موسمِ خزاں کی بہار

بیا ساقی آں ساغرِ می بیار — کہ فصلِ خزاں خوشتر است از بہار
بہار ایں چنیں نشہ کے می دہد — دریں موسم انگورے می دہد
خزاں بسکہ در باغ آتش زدہ — سرد گر شود تاک آتش کدہ
نہ شد برگ تاک از خزاں خوشنما — کہ بستہ بکف دختر رز حنا
درختاں ز میخانہ مست آمدند — خروج بائے صہبا بدست آمدند
ندا کردہ قمری ز بالائے سرو — کہ برگ خزاں بہ زبال تذرو
چمن ہمچو طاؤس رنگین شدہ — درختاں ہمہ مرغ زریں شدہ
دریں موسم از می کشاں ہر کہ ہست — لبِ بادہ بلیند چو طاؤس مست
درختاں کہ بودند سبزی فروش — زفیضِ خزاں اند زر بفت پوش
پنداز می شوق لب ریز شد — زبادِ خزاں آتشش تیز شد
چرا نہ شگفد دل زبادِ خزاں — دریں فصل گل می کند زعفراں
رخ شاہدانِ چمن گشتہ زرد — کہ بادِ خزاں می کشد آہ سرد
چرا می کشد بلبل از باغ رخت — کم از برگ گل نیست برگ درخت
چناں کردہ رنگین چمن را خزاں — کہ طاؤس صد داغ دارد ازاں
تماشائیاں را چو مہماں کنند — زبرگ درختاں چراغاں کنند

موسمِ سرما کی کیفیت

کشمیر میں خزاں کے بعد موسم سرما کا آغاز ہوتا ہے۔ یہاں شدت کی سردی پڑتی ہے درجۂ حرارت نقطۂ انجماد سے کافی گر جاتا ہے۔ پانی جم کر یخ بستہ ہوتا ہے۔ ہر طرف برف کے تختے نظر آتے ہیں۔ لوگ سردی سے بچنے کے لیے طرح طرح کے انتظامات کرتے ہیں۔ گرم کپڑے اور آگ

زیادہ تر استعمال کی جاتی ہے شعراء عموماً بہار کی تعریف میں زمین آسمان کے قلابے ملاتے ہیں سردیوں میں یہاں کے لوگوں پر جو کچھ گزرتی ہے وہ خدا ہی جانتا ہے۔ شاذ و نادر ہی کوئی ہوگا جس نے چلۂ کلاں چلۂ خرد پر کچھ لکھا ہو۔ لکھتے بھی کیسے؟ باہر کے شعراء اپنے آقاؤں کے ساتھ کشمیر میں لطف اندوزی کے لئے آتے تھے۔ ہندوستان کی گرمی سے جلس کر یہاں ان کے نئے بال و پر نکلتے تھے۔ عرفی کا شعر شاید ہے۔

ہر سوختہ جانے کہ بہ کشمیر در آید | گر مرغِ کباب است با بال و پر آید

اگر انہیں موسم سرما میں یہاں رہنے کا اتفاق ہوتا تو یقیناً بے بال و پر ہو جاتے۔ فانی غالباً پہلے شاعر ہیں جنہوں نے موسم سرما کی صحیح تصویر پیش کی ہے ؎

درختاں ز سرما مشوش شدند | برہنہ در آغوش آتش شدند
چو از جامۂ برگ عریاں شدند | تہ چادر برف پنہاں شدند
ز سرمائے خشکی کہ در گلشن است | گل افشانیِ نخل در گلخن است
چناں کردہ سرمائے دور لشہ سخت | کہ شد خشک خوں در تن ہر درخت
مہیا شد از باد و برف و تگرگ | برائے نباتات اسباب مرگ
ز سرما چو میرد کسے در چمن | ز برفش تواں کرد گور و کفن
ز گردوں رسیدہ زمین را بفرق | گہے تیر باراں گہے تیغ برق
حریفاں دریں فصل حیراں شدند | پے ساز و برگ زمستاں شدند
یکے در پے شیشہ و جام شد | یکے گرم تعمیر حمام شد
یکے پوستیں کردہ در بر چو موش | یکے گشتہ چوں گرم قمز شال پوش
ز اہل چمن قمری و فاختہ | ز سنجاب و خز پوستیں ساختہ
چو در برف ساز و زمین رو نہاں | دم از سرد مہری زند آسماں
چو از ہر طرف باد سردی وزید | زمیں چادر برف بر سر کشید

زمیں از کجا آورد تاب برف — کہ از برف شد آسماں تنگ ظرف

فلک در زمستاں چو پوشش نداشت — بروئے زمیں پنبۂ برف کاشت

ز سرما ہمہ آب و فریاد نیست — کہ چوں بادہ باشد غم از باد نیست

نہ گرمی اثر نیست در ہیچ چیز — کہ یخ بستہ است آب آئینہ تیز

زاں چشم آئینہ حیراں شدہ — کہ آئینہ داں ہمچو یخ داں شدہ

روانی نماند است در ہیچ آب — چساں آید از شیشہ بیروں شراب

چو آئینہ باید نمد پوش بود — ز بیم ہوا خانہ بر دوش بود

چناں کردہ سرما در آتش اثر — کہ شد گلخن از گلشن افسردہ تر

از سرما شد از بسکہ آتش زبوں — نمی آید از گنج گلخن بروں

ازیں باد مہلک کہ جاں بردہ است — کہ آتش ہم از بیم او مردہ است

زبس دید جاں بردن از باد دور — فرو رفت آتش بگورِ تنور

زبس برزمیں ژالہ و برف ریخت — سمندر ز سرما در آتش گریخت

دریں فصل از آب دیں ہر کہ ہست — چو زردشتیاں گشتہ آتش پرست

دریں فصل کس جز و ناری نداشت — دم گرم غیر از بخاری نداشت

زبس بزم نی را ہوا کرد سرد — نہ خواہد جز آتش کسے گرم کرد

الہ آباد میں گنگا جمنا وغیرہ کی تعریف

فانی "میخانہ" میں گنگا جمنا کی تعریف میں رطب اللسان ہیں۔ ذیل کے اشعار ان کی رواداری اور صلح پسندی کی دلیل ہیں۔

بر آرم سر از کالپی و پیاگ — ز چشم فتد چشمۂ ویرناگ[1]

---

[1] ویرناگ کشمیر میں ایک مشہور چشمہ کا نام ہے کشمیری زبان میں "ناگ" چشمے کو کہتے ہیں۔ یہ بانہال کے اس طرف پرگنہ شاہ آباد میں دامن کوہ میں پھوٹتا ہے اور پھر دریائے جہلم کی شکل میں شہر سری نگر سے گذرتا ہے (بقیہ حاشیہ صفحہ ۲۱ پر)

پیاگ از دو دریا بود فیض یاب — در آنجا کمی نیست ہرگز ز آب

بہ دریائے خونخوار چوں ساشقال — گرفتند ایں شہر بادِ شمال

دریں سرزمیں جمع شد جون و گنگ — شدہ از دو سو رو برو چوں نہنگ

چوں کشتی است ایں شہر بر روئے آب — دریں جا بود بادہ خوردن ثواب

عمارات دلکش در و بے حساب — پو سیماب لرزندہ از بیم آب

در اطراف ایں نہرہا باغہا — چو کشمیر کردہ بتر بیتر جا

بہشت آرزو مند ہر باغ اوست — ارم را بسر لالۂ داغ اوست

چو در خلد آباد راہم فتاد — بگلزار جنت نگاہم فتاد

مکانے بہ از خلد آباد نیست — کسے را چنیں گلشنے یاد نیست

(بقیہ حاشیہ صفحہ گزشتہ) مشہور و معروف کشمیری مورخ ملک حیدر چاڈورہ نے اس کے گرد ہشت پہلو کا ایک پختہ حوض ۱۰۲۹ ہجری میں جہانگیر بادشاہ کے حکم سے تعمیر کیا۔ اس کے ساتھ بڑی بڑی عمارتیں بھی بنائی گئیں۔ تاریخ یہ ہے۔ ؎

از جہانگیر شاہِ اکبر شاہ — ایں بنا سر کشیدہ بر افلاک

بانی عقل یافت تاریخش — قصر آباد و چشمۂ درناگ

جہانگیر کے بعد شاہ جہاں نے ۱۰۵۵ھ میں ملک حیدر چاڈورہ کی نگرانی میں چشمے کے ساتھ ایک باغ اور کئی عمارتیں بنوائیں۔ باغ فواروں سے آراستہ کرایا۔ ذیل کی تاریخ ایک پتھر پر کندہ ہے۔

حیدر بحکم شاہِ جہاں پادشاہ دہر — شکر خدا کہ ساخت مکیں آبشار و جوئے

از جوئے دادہ است ز جوئے بہشت یاد — زیں آبشار یافتہ کشمیر آب روئے

تاریخ آب جوئے بگفتا سروش غیب

از چشمۂ بہشت بروں آمد است جوئے

۱۰۵۵ ہجری

بہ از باغِ شیریں بود ایں چمن — کہ خسرو دریں جا گرفتہ وطن
نباید کسے در ریاضِ جہاں — ز شیریں و خسرو جزایں جانشاں
چساں کس کند وصفِ تر بینشیں — کہ چسپد بہم لب ز شیرینیش
دریں دشت ہر سال چوں آبِ [illegible] — شدہ [illegible] خوبان ہندوستاں
ز فیضِ دو دریائے علم [illegible] — ہمہ یافتہ آبرو از ازل

الہ باد میں پان کی تعریف

چو پان کس در اقلیمِ ہندوستان — نہ کردہ زبان در دہانِ بتاں
لبِ گل رخاں سرخ از پان شود — گہر ہائے دنداں چو مرجاں شود
کمر بستہ از ہر طرف دلبراں — بخوں خوردن خلق چو بیڑہ پاں
بود بیڑہ پان نسخۂ دہ ورق — درو خواندہ خوبان بہ ہندی سبق
خطش از خطِ جبہہ پوشیدہ تر — ز معنی ورقہاش پیچیدہ تر
ازاں نسخۂ ہر صفحہ را پان فروش — سزد گر کشد مہرہ از درِ گوش
بہر صفحہ اش کردہ خوباں بہم — ز شنگرف کتبی وصفِ لبہا رقم
چو در وصفِ دنداں قلم سر کنند — سفید آبِ آہک بلب تر کنند
سپاری ز بس جسم او دید کم — ورقہائے ابرے باد کرد صنم
شد از نشۂ بادۂ رنگِ پان — سیہ مست خطِ لبِ گل رخان
نہ دیدم در ملکِ ہندوستان — زباں کسے سبز جز برگِ پان

فانی نے "میخانہ" کے علاوہ قصیدوں میں بھی ہندوستانی الفاظ بکثرت استعمال کئے ہیں ؎

نو بہار آمد بسیر گلشن ہندوستان — زیبد ار طوطی بجائے پر بر آرد برگ پان

در چمن ہر صبح مینا سی کند راگ بنت — نیست طوطی را بہ جز کلیان چو بلبل زبان
گل ز شبنم ہار چنبیلی بہ گردوں افگند — تا تواند شد حریف شاہد ہندوستان
سیم و زر را دام می گیرد ز چنبیلی و بیل — نرگس از بہر نثار ثانی صاحب قران

مثنوی میں فانی نے دعویٰ کیا ہے کہ انہیں شعر و شاعری کے علاوہ صرف و نحو، منطق، بدیع و بیان، معانی، فقہ، کلام اور اصول میں کامل دسترس ہے۔ شاعرانہ تعلّی ملاحظہ ہو۔

دو دا تم چو فکر لالی کند — بیک کوزہ صد بحر خالی کند
ازیں بحر رفتم بدریائے علم — کہ شویم بآب سخن پائے علم
زدم قطرہ در بحر صرف و نحو — کہ چوں قطرہ گردم دریں بحر محو
چو کشتی بدریائے منطق رسید — ز ہر سوئے باد مدادم وزید
ز دریائے علم بدیع و بیاں — برآوردہ چندیں گہر ہا زبان
بدریائے چوں غوطہ ہا بسکہ خورد — ز بحر معانی دلم فیض برد
زدم غوطہ در بحر فقہ و کلام — برآوردم آخر جواہر تمام
چو ماہی بدریا شنا کردہ ام — سراز بحر حکمت برآوردہ ام
برآوردم آخر فروغ و اصول — ز بحر کلام خدا و رسول

مثنوی کے آخری حصے میں فانی نے معاشرے پر کڑی نکتہ چینی کی ہے کہتے ہیں:

دریں قوم از ان توبہ معمول نیست — کہ از مردہ ہا توبہ مقبول نیست
دریں مردہ ہا من ہم افتادہ ام — بخاک لحد نیز تن دادہ ام
مرا ہم فرو است جان در بدن — تن و پیرہن گشتہ گور و کفن
چو ایں مردہ ہا را دلم زندہ کرد — لب گور از خوشدلی خندہ کرد
کنوں دادہ ہر یک وجودے بخوش — بگردن کشی کار خود بردہ پیش

یکے بر سر تخت روزِ جلوس — زدہ تاج بر سر لیاں خروس
یکے کردہ دعوی فضل و ہنر — شدہ زیر بار کتب ہمچو خر
یکے لاف شیخی زدہ در جہان — چو شیطان شدہ رہزن ابلہان

یکے قاضی شہر اسلام شد
کہ از رشوتش شرع بدنام شد

دلی ہفت اختر

ڈاکٹر اشپرنگر نے اودھ کیٹلاگ میں شیخ محسن فانی کشمیری کے علاوہ خواجہ محمد دیلد تخلص فانی کا بھی ذکر کیا ہے۔ وہ اکبر کے زمانے میں ایران سے ہندوستان آ گئے اور یہاں بڑے جاہ و جلال سے رہتے تھے۔ ان کا انتقال ۱۰۱۶ھ ہجری میں ہوا۔ ڈاکٹر اشپرنگر نے نمبر ۲۰۲ کے تحت فانی ایرانی کی تصنیف "ہفت دلبر" کا ذکر کیا ہے۔ بقول اشپرنگر "ہفت دلبر" سات حکایتوں کا مجموعہ ہے۔ جو فانی نے ہفت شب میں مکمل کر کے شہنشاہ اکبر کے نام منسوب کیا۔

جس طرح محسن فانی کی مثنوی ناز و نیاز کا ماخذ سید شاہی برادر سید موسیٰ کی مثنوی "دلفریب" ہے۔ اسی طرح ممکن ہے کہ فانی کشمیری نے بھی ایرانی فانی کی مثنوی "ہفت دلبر" کے تتبع میں ہفت اختر تصنیف کی ہو۔ وہ ایک جگہ کہتے ہیں۔ ؎

چوں درو وصف ہفت دلبر کرد — نام او خامہ ہفت اختر کرد

"ہفت دلبر" کا کوئی نسخہ راقم کی نظر سے نہیں گزرا۔ اس لئے اس کے بارے میں مزید کچھ نہیں کہا جا سکتا۔

فانی کشمیری نے بھی "ہفت اختر" ہفت شب میں تصنیف کی کہتے ہیں ؎

ہفت شب تا سحر دریں نامہ — ہفت افسانہ زد رقم خامہ

ہفت اندام پیکر حسن است — فلک ہفت اختر حسن است
در جہاں ہمچو او کتابے نیست — ہفت اقلیم عالم معنی است
ہفتہ عمر صرف آں کردم — ہفت گوہر بہ نظم آوردم
ہر کہ خواند کتاب ہفت اختر — چوں منجم دہد زغیب خبر

ہفت اختر کا سال تصنیف ۱۰۶۸ھ ہجری ہے۔ مثنوی کے آخر میں تاریخ درج ہے ؎

دائم ایں نسخہ در جہیں کار است — ہفت اختر ہمیشہ سیار است
از نسیم بہار نامۂ من — ہمہ جا سبز شد زمین سخن
بہر تاریخ نظم ایں نامہ — خواستم مصرعی من از خامہ

گفت در گوش صفحہ پنہانی
"کردہ ایں نامہ را رقم فانی"

۱۰۶۸ ہجری

ہفت اختر کے سبب تالیف میں فانی نے ان تین مثنویوں کا بھی ذکر کیا ہے جو اس سے قبل تصنیف کی تھیں۔

پیش ازیں در میان اہل سخن — داشت شہرت سہ مثنوی از من
بر زبانہا است حرف ایں سہ کتاب — سبز ہمچو سہ برگہ بر لب آب
اول از آسمان عشق مجاز — شدہ نازل کتاب ناز و نیاز
ثانی آں سہ نسخہ میخانہ — کز میش گشتہ عقل دیوانہ
ثالث آں سہ مصدر اخبار — ہست بر وزن مخزن اسرار

تینوں مثنویاں یکے بعد دیگرے تین سال میں تصنیف کی گئی تھیں ؎

در سہ سال ایں سہ نسخہ کردہ رقم — لنگ شد عاقبت دو پائے قلم

ابتدا میں معمول کے مطابق فانی نے حمد الٰہی، نعت رسول اور خلفا کی تعریف کی ہے اس کے بعد سبب تالیف ہے اور پھر اورنگ زیب کی مدح میں ۱۰۸ شعر ہیں ؎

شاہ اورنگ زیب ملک ستان — کہ بود حکم او چو آب رواں
فیض آں بادشاہ عالم گیر — ہند را کرد سبز چوں کشمیر

مدح اورنگ زیب کے بعد قصہ کا آغاز ہوتا ہے مثنوی میں شاہ ایران اور ملک چین کی شہزادی خورشید کی داستان عشق بیان کی گئی ہے۔ شاہ ایران کا نام جمال اللہ ہے مثنوی بڑی دلچسپ ہے۔ جب بادشاہ کا ایلچی ہلال کشمیر آتا ہے۔ تو کشمیریوں کی تعریف اس طرح کرتا ہے ؎

اہل آں شہر اہل فضل و کمال — خوش و پوشش است شالی و شال
اہل معنی درو ز حد بیروں — صاحب لفظ از عدد بیروں
ہمہ خوش طبع و خوش دل و خوش خو — ہمہ خوش فہم و خوش خط و خوش گو
چوں ہلال ایں چنیں مکانے دید — ہمچو بدر از طرب بخود بالید

ہلال جب یہاں سے لداخ کی طرف چلا گیا تو اس کو تحفے کے طور پر شال بھی دیئے گئے تھے۔

دبستان مذاہب۔ فانی کی تصنیف نہیں ہے۔

ڈاکٹر صوفی نے اپنی کتاب کشمیر جلد دوم (ص ۳۶۶ تا ص ۳۷۰) میں سر ولیم جونس کے مقالے مورخہ ۱۹ فروری ۱۷۸۹ء اور ایلفن کے دبستان مذاہب کے انگریزی ترجمہ مطبوعہ ۱۸۰۹ء کی بنیاد پر یہ رائے قائم کرلی کہ محسن فانی نے سری نگر میں خانقاہ داراشکوہ میں دبستان مذاہب ۱۰۵۸ھ ہجری مطابق ۱۶۴۸ء میں تصنیف کی۔ اقبال بھی اسرار خودی کے پہلے ایڈیشن ۱۹۱۵ء کے دیباچے میں دبستان مذاہب کو فانی کی ہی قرار دیتے ہیں۔ ابوالکلام آزاد کی بھی یہی رائے تھی۔ دیو، ایتھے اور

الیولوگو فانی کی اس نام نہاد کتاب سے انکار ہے جناب قاضی عبدالودود صاحب کی بھی یہی رائے ہے کہ دبستان مذاہب سے فانی کو دور کا بھی واسطہ نہیں ہے۔ راقم الحروف نے بھی اس سلسلے میں بڑی کاوش و جستجو کی لیکن دبستان مذاہب کے مصنف کے بارے میں کوئی ٹھوس شہادت دستیاب نہ ہو سکی۔

لکھنؤ یونیورسٹی کے کتب خانے میں دبستان مذاہب کا ایک مخطوطہ زیر نمبر 297/7013/P محفوظ ہے اس کا سائز ۷½ × ۱۲" فی صفحہ ۲۳ سطر، صفحات ۳۵۱ ہیں فہرست مخطوطات فارسی میں یہ نسخہ محسن فانی کے نام سے درج ہے۔ کتاب کے ص ۳۳۲ سے ص ۳۵۱ تک دبستان کی فرہنگ حروف تہجی میں شامل ہے۔ اس کے بعد مخطوطے کے ساتھ ہی ص ۱ سے ص ۳۵ تک تذکرۂ علما شامل ہے یہ بھی اسی کاتب کا ہے جس نے دبستان مذاہب لکھی ہے کاتب کا نام عبدالقادر بن حاجی محمد غالب مرحوم ہے ص ۳۵۲ میں کاتب کا نام اور اس کے دستخط ثبت ہیں۔ راقم الحروف کی نظر سے پوری کتاب میں مصنف کا نام کہیں نہیں گزرا۔ البتہ آغاز کتاب میں جو پانچ شعر مقطع ہیں موبد تخلص درج ہے۔ ذیل میں مطلع اور مقطع پیش کیا جاتا ہے ؎

مطلع۔ اے نام تو سر دفتر اطفال دبستان — یاد تو بباغ خردان شمع شبستان

مقطع۔ دریافتہ دریافت کہ دریافت بجز ایں نیست — موبد حق لبیب تو و گیتی ادبستان

کاتب نے ص ۳۵۱ میں ترقیمے میں کتاب کے مصنف کا نام شیخ ابوالفضل لکھا ہے۔ عبارت یہ ہے:۔

"المستعان من اللہ تعالیٰ از کارنگارش نگارستان دفتر اذکار و روشن عجائب کتاب دبستان مذاہب و درس دقائق و حقائق نکات آیات مظاہر مطالب صاحب کتاب

ل نوشتہ ۹ ص ۹ مرتبہ عرش صدیقی

(۲) CATALOGUE OF THE PERSIAN MSS. VOL I. P641

(۳) " " " " " BRITISH MUSEUM

(۴) CONCISE DESCRIPTIVE CATALOGUE OF THE PERSIAN MSS P.514 (1924)

عالی نساب معلی القاب وفلل یکتائے زمانہ وعالم علمائے یگانہ منشی دفتر و دبیر بے نظیر کار آگہی شیخ الشیوخ مولانا ابو الفضل متخلص علامی نواب سلطنت اکبر شاہی در ایام مسرت پیام وہنگام فصول بہار انجام شہر شوال تاریخ ہفتم یوم الثالث راقم آثم عبد القادر در موطن قصبہ ایکا نگر از بلدات بلدۂ تانگ در زمانۂ حکومت و ایالت مہاراج ایچی رام خلف الرشید نارائن بابو مرحوم ـــ وقت چاست ـ این کتاب فخر ادیان اختتام وانظام یافت ۱۲۸۴ھ ہجری"

ترقیمہ سے یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ کاتب نے جس مسودے سے اسے نقل کیا اس پر بھی ابو الفضل کا ہی نام تھا۔

ڈاکٹر صوفی کا یہ کہنا درست نہیں کہ دبستان مذاہب ۱۰۵۵ھ ہجری مطابق ۱۶۴۵ء میں سرینگر میں اختتام پذیر ہوئی تھی۔ ہماری رائے میں کتاب میں ۱۰۵۷ھ ہجری مطابق ۱۶۴۷ء تک کے واقعات درج ہیں۔ ایک واقعہ سورت میں اور دوسرا حیدر آباد میں ۱۰۵۷ھ میں لکھا گیا۔ ایک میں فرانسیسی پادری کا ذکر ہے اور دوسرے میں ملا شاہ کی کرامات کا بیان ہے۔

(۱) "از ترسا تنے چند فاضل دیدہ شدہ اند۔ پادرے فرانسائی کہ مردم پرتگال وگوہ کہ ہندو بندر سورت اند۔ او را گرامی می دارند و ہزار و پنجاہ و ہفت ہجری (۱۰۵۷ھ) در بندر سورت نامہ نگار او را دریافت"[1]

(۲) "جہاں آرا بیگم بنت شاہ جہاں بادشاہ غازی غائبانہ بفرمان ملا شاہ کنجہور دل رو بہ سلوک آوردہ وکامیاب شناخت تام گشت۔ یکے از کرامات آنحضرت رفیع مرتبت کہ نامہ نگار دید آنست کہ در ہزار و پنجاہ و ہفت ہجری (۱۰۵۷) در حیدر آباد در خانۂ عزیزے وارد شد یکے از حصار بطریق سرزنش کیفیت آسیبی کہ از آتش بہ بیگم صاحبہ رسیدہ بود پرسیدن گرفت وکردار گزار باد گفت" (صفحہ ۲۲۶)

راقم المعروف نے دبستان مذاہب قلمی اور مطبوعہ نسخہ مطبع نولکشور ۱۸۸۱ء کا لفظاً لفظاً مطالعہ کیا۔ کتاب میں کوئی شہادت ایسی نہیں ملتی ہے جس کی بنا پر یہ کہا جا سکے کہ کتاب محسن فانی کی تصنیف ہے۔ مصنف کتاب کشمیر بھی آیا تھا۔ اس نے ۱۰۶۹ھ ہجری میں کشمیر کے کچھ واقعات بھی لکھے ہیں۔ قصہ کوتاہ میں اس نتیجے پر پہنچا ہوں کہ دبستان مذاہب ملا محسن فانی کی تصنیف نہیں ہے ـــ ○

[1] (دبستان مذاہب قلمی ص ۳۲۷)

فضا ابن فیضی

○

بدنام ہوئی مفت ہوا، لے گئے آہو
شانوں پہ وہ خوشبو کی ردا لے گئے آہو

گھر چھوڑ کے اب دشت میں بھٹکیں گے مرے خواب
کیا چیز تھی، پلکوں میں چھپا لے گئے آہو

آوارگی اب ٹھہری، میرے پاؤں کی زنجیر
اس قید سے خود کو تو چھڑا لے گئے آہو

تا حدِ نظر دھند میں لپٹا ہوا منظر
ہنستی ہوئی سب دھوپ چرا لے گئے آہو

ویران دریچوں کی طرح رہ گئے ہم سب
سب رنگِ شفق، رنگِ حنا لے گئے آہو

اب جا کے ترے گاؤں میں برسیں گے یہ بادل
آتے ہوئے موسم کی گھٹا لے گئے آہو

دیکھا، تو خود اپنا ہی بدن خون میں تر تھا
میں خوش تھا، کہ زخموں کی قبا لے گئے آہو

تھی شہر میں رسوا، ترے صحرا کی یہ تہذیب
اچھا ہے، مجھے ساتھ لگا لے گئے آہو

موجِ رمِ آہو ہے سرابوں کا تماشا
دریا کو بھی صحرا میں بہا لے گئے آہو

ہونٹوں کی جگہ جیسے کہ چہرے پہ یوں آنکھیں
ساری ہوسِ حرف صدا لے گئے آہو

سرمایہ معانی کا ہے الفاظ کی میراث
میں نافۂ آہو تھا، اٹھا لے گئے آہو

یوں سہل نہ تھا، حجرۂ دانش سے نکلنا
دیکھی مری وحشت، تو بلا لے گئے آہو

پھرتے ہیں مہاجر کی طرح شہر میں ترے
ہم لوگ ہیں رمنوں سے نکالے گئے آہو

بس مشکِ قلم کے ہیں نگہدار فضا ہم
کیا اس سے ہمیں واسطہ، کیا لے گئے ہوا

فضا ابن فیضی

○

تو بھی اک لفظ، آشوبِ معانی سے نکل آ
کیوں جزیرے سا ہے یوں محصور، پانی سے نکل آ

یہ جو تیری ذات ہے، خود ایک پیچیدہ عمل ہے
کائناتِ وقت کی ریشہ دوانی سے نکل آ

جلتے انگاروں سے لاعلمی کی ٹھنڈی ریت اچھی
آ مری بستی میں، دشتِ نکتہ دانی سے نکل آ

دیکھنا! منہ سے جو نکلی بات، دنیا لے اڑے گی
ہو اگر ممکن، حصارِ خوش بیانی سے نکل آ

تیری ہی موجیں ہیں، تیرے پاؤں کی زنجیر کیسے
تو جو دریا ہے، تو زندانِ روانی سے نکل آ

تجربہ ہے تو، بزعمِ خود اچھوتا سا، نیا سا
میں تو جب جانوں، روایت کی کہانی سے نکل آ

بے نفس جی، کیا ضروری ہے صبا کی پیروی بھی
یہ جھمیلے چھوڑ، فکرِ گل فشانی سے نکل آ

اے فضا ڈھونڈ اور کوئی مملکت فنِ غزل کی
میرؔ و غالبؔ کے حدودِ حکمرانی سے نکل آ

●

○

چاند کی صورت خلاؤں میں سفر کرتے رہو
جسم و جاں کی یہ عبادت رات بھر کرتے رہو

ان کو ورثے میں ملا ہے تیر اندازی کا فن
تم بھی آبا کی طرح سینہ سپر کرتے رہو

بجلیوں کی یورشیں سب رائیگاں ہو جائیں گی
دل ہی دل میں خواہش لعل و گہر کرتے رہو

ہاں ملو، ایک ایک کر کے کارواں رفتہ سے
درد بنکر چپکے سے سینے میں گھر کرتے رہو

ایک مدت سے بلائے کوہ سے محفوظ ہیں
خانقاہوں میں مناجات سحر کرتے رہو

اک نہ اک دن وہ سمندر سے پلٹ کے آئیگا
تم یونہی آرائش دیوار و در کرتے رہو

خواب گاہوں میں فقط پرچھائیاں رہ جائیں گی
جنگلوں کی آگ میں راتیں بسر کرتے رہو

(ڈاکٹر) جعفر رضا

اردو اسٹیج ــــ ابتدائی نقوش

اردو اسٹیج کے ابتدائی نقوش تلاش کرنے میں ڈرامے اور اسٹیج کے واقف کاروں کی مختلف و متضاد آراء سے قاری اُلجھنوں میں گرفتار ہوتا ہے ذیل میں ان میں بعض کا ذکر کیا جاتا ہے۔

مولانا عبدالحلیم شرر لکھنوی لکھتے ہیں۔

"امانت مرحوم نے اندر سبھا سے اردو زبان میں ڈرامے کی بنیاد ڈال کر ہمارے لٹریچر پر ایسا احسان کیا ہے جو روز بروز زیادہ نمایاں ہوتا جائے گا۔ اور جوں جوں نمایاں ہوگا اپنے مقصد کے نام کو زیادہ چمکاتا رہے گا۔" [1]

نور الٰہی محمد عمر نے امانت کی اندر سبھا کو واجد علی شاہ سے منسوب کر کے ایک فرضی داستان بیان کر دی۔

"ایک فرانسیسی مقرب بارگاہ نے یورپی تھیٹروں

---

[1] عبدالحلیم شرر: تقریظ دیوان فصاحت صفحہ ۴۹۲

کا نقشہ پیش کیا۔ یہ وقت وہ تھا کہ فرانس بلکہ عام یورپ اوپیرا کا گرویدہ ہو رہا تھا۔ ایسا ہوا کہ ہندوستانی مذاق کا اوپیرا تیار ہو۔ قرعہ فال امانت کے نام پر پڑا۔ جنہوں نے ۱۲۷۰ھ میں اس فرض کو بوجہ احسن ادا کیا۔" ع۱

انہی خیالات کی روشنی میں امتیاز علی تاج نے اُردو ڈرامے کا جنم اودھ کے نواب واجد علی شاہ کے قیصر باغ کی چہار دیواری میں بیان کیا ہے۔ ع۲ لیکن اردو ڈرامے اور اسٹیج کے معروف محقق ڈاکٹر عبدالعلیم نامی ایک مختلف داستان بیان کرتے ہیں۔

"۱۵۵۰ء کے قبل پرتگالی حضرت عیسیٰ کی زندگی پر بغرض فلاح عام و خاص ہندوستانی زبان میں ڈرامے دکھاتے تھے وہ اپنی مذہبی سرپرستی میں اس قدر سرمست تھے کہ یورپ کے تھیٹروں خاص کر فرانس اور سپین میں جو اصلاحات و ایجادات ہوتی تھیں اُنہیں جلد سے جلد ہندوستانی اسٹیج پر رائج کر دیتے تھے۔" ع۳

ان بیانات کی روشنی میں حسب ذیل نتائج اخذ کئے جا سکتے ہیں:۔

۱۔ امانت کی اندر سبھا اُردو کا پہلا ڈراما ہے۔
۲۔ امانت نے اندر سبھا کی تصنیف واجد علی شاہ کی فرمایش پر کی۔
۳۔ کسی فرانسیسی کی تحریک پر اندر سبھا کی تصنیف ہوئی۔
۴۔ اُردو ڈرامے کی ابتداء ۱۲۷۰ھ (۱۸۵۳ء) میں ہوئی۔
۵۔ اردو ڈرامے کی ابتداء ۱۵۵۰ء میں ہو گئی تھی۔

ع۱ نور الٰہی محمد عمر۔ ناٹک ساگر۔ صفحہ ۵۵ ع۲ کارواں۔ لاہور ۱۹۲۴ء صفحہ ۲۰ ع۳ عبدالعلیم نامی۔ اُردو تھیٹر جلد اول۔ صفحہ ۱۴۳

(۶) اولین اُردو ڈراما یورپی اسٹیج کی نئی ایجادات و اصلاحات کے ساتھ قائم ہوا

(۷) اُردو ڈراما 'اوپیرا' کے انداز میں ہوا۔

(۸) اُردو ڈراما ہندوستانی روایتوں کا امین رہا اور اس میں راجا اندر اور پریوں کا ذکر کیا گیا۔

متذکرہ بالا مسائل کئی طرح کی پیچیدگیاں پیدا کرتے ہیں۔ یہاں اُنکی تفصیلی بحث کی گنجایش نہیں لیکن اتنا عرض کر دینا نامناسب نہ ہوگا کہ ان میں سے زیادہ تر بیانات و خیالات غیر صحیح ہیں یا کسی ادھوری حقیقت پر مبنی ہیں۔ پروفیسر مسعود حسن رضوی[1] نے اور سید بادشاہ حسین[2] نے نور الٰہی اور محمد عمر کے بیانات کا جائزہ لے کر انہیں غیر معتبر قرار دیا ہے اس لئے اب یہاں اعادہ کرنا غیر ضروری معلوم ہوتا ہے۔ منطقی اعتبار سے نور الٰہی محمد عمر کے بیانات کے بطلان کے بعد مولانا شرر کا خیال خود بخود ساقط الاعتبار ہو جاتا ہے ہمیں خاص طور پر ڈاکٹر نامی کے بیان پر حیرت ہے۔ کیونکہ عصر حاضر میں انہیں ڈرامے کے معتبر کن محقق کی حیثیت سے امتیاز حاصل ہے۔ انہوں نے ڈرامے کی ابتدا کے سلسلے میں جو داستان تصنیف فرمائی ہے۔ اس کا نہ تو کوئی ماخذ بیان کیا ہے نہ کسی طرح کے داخلی یا خارجی شواہد پیش کئے ہیں اس لئے ہمیں اُن کا بیان قبول کرنے میں تامل ہی نہیں گریز ہے۔ ڈاکٹر مسیح الزمان کا خیال صحیح ہے۔

" تاریخی معلومات سے زیادہ یہ خواب و خیال کی باتیں معلوم ہوتی ہیں۔ محمد قلی قطب شاہ کی پیدائش ۱۵۶۵ء میں ہوئی تھی۔ اس سے پہلے اُردو ڈراموں کے رواج کا ثبوت اگر واقعی مل جائے تو اُردو ادب کی تاریخ میں گراں قدر اضافہ ہو جائے گا۔

---

[1] سید مسعود حسن رضوی۔ لکھنؤ کا شاہی اسٹیج [2] سید بادشاہ حسین۔ اُردو ڈراما۔

مگر ابھی تک اس قیاس کی تائید نہیں ہو سکی"۔[1]

اب تک کی تمام تحقیقات میں پروفیسر سید مسعود حسن رضوی کا بیان زیادہ قرین قیاس اور صحیح معلوم ہوتا ہے۔ انہوں نے اُردو ڈرامے کے ابتدائی نقوش بادشاہِ اودھ نصرالدین حیدر کے دور سے بیان کئے ہیں جن کے عہد میں بعض ایسے کھیل اور جلسے ہوئے جن میں ڈرامائی عناصر نظر آتے ہیں۔[2] اسی دور کے مصنف رجب علی بیگ سرور کا بیان ملاحظہ ہو:

"کسی نے راگ مالے کی کتاب نذر کر دی فرمایا، اس کا جلسہ ہو۔ جو راگنی جس صورت و پوشاک سے دیکھی وہی صحبت ٹھہری۔ ایک بھیرویں کے جلسے میں پان نے عورت دولہن کا لباس پہنے ہاتھوں پاؤں میں مہندی لگی چوڑی شہنائی سر سے پا تک جواہر کا زیور۔ ایک راگنی کی صحبت تیس دن ہوتی تھی۔ اندر کی سبھا آبرو کھوتی تھی"۔[3]

اندر کی سبھا کا استعارہ بعضوں کو امانت کی 'اندر سبھا' تک لے گیا جس کا ذکر متذکرہ بالا سطروں میں آچکا ہے۔ حالانکہ سرور نے اپنے مخصوص اسلوب میں راگ مالا کے جلسوں میں حرکت و عمل کے ڈرامائی پہلو نمایاں کئے ہیں۔ نصرالدین حیدر کو ان جلسوں سے بڑی دلچسپی تھی۔ انہوں نے رقص و سرود کے لئے کثیر تعداد میں گانے والیاں رکھی تھیں جو جلسے والیاں کہلاتی تھیں اس رجحان کو واجد علی شاہ کے زمانہ ولیعہدی میں خصوصی فروغ ملا۔ واجد علی شاہ نے خوش گلو اور حسین و جمیل عورتیں تلاش کر کے اکٹھا کیں۔ اور ان کی تعلیم و تربیت

---

[1] ڈاکٹر مسیح الزماں خورشید دیباچہ [2] سید مسعود حسن رضوی۔ لکھنؤ کا نہری اسٹیج صفحہ ۶۰ [3] رجب علی بیگ سرور۔ فسانہ عبرت۔ صفحہ ۱۰۸

کے لئے ماہرین موسیقی ملازم رکھے۔ انہیں جس مکان میں رکھا گیا اُسے 'پری خانہ' کا نام دیا۔ اسی 'پری خانہ' یا واجد علی شاہ کے یوم ولادت پر جوگی بننے کی رسم سے اردو اسٹیج کی ابتدائی شکل تیار ہوتی ہے۔ واجد علی شاہ نے کرشن جی کی لیلاؤں اور رہس کی بنیاد پر رہس لکھے اور اپنے تنوع پسند مزاج کے اعتبار سے ایجاد و اختراع سے کام لیا۔ واجد علی شاہ نے 'بنی' کے چوتھے باب میں "رہس کے بیان" کی جو فصلیں پیش کی ہیں، ان میں ایک میں اپنے چھنیں رہسوں کا ذکر ہے۔ اور دوسرے میں رادھا کنھیا کے دو مختلف قصوں کا بیان ہے۔ رادھا کنھیا کے انہی قصوں کو پروفیسر سید مسعود حسن رضوی اور ڈاکٹر صفدر آہ نے شاہی رہس کے اولین جلسے کی حیثیت سے قبول کیا جسے ڈاکٹر عشرت رحمانی نے بھی اُردو ڈرامے کا پہلا نقش قرار دیا ہے[1] ڈاکٹر رحمانی نے ان رہسوں کا زمانہ تصنیف ۱۲۷۸ھ قرار دیا ہے[2] یہ رہس پہلی بار شاہی محل کے قیصر باغ کی حدود میں حضور باغ میں کھیلے گئے۔ اس کی تائید واجد علی شاہ کی اپنی تحریروں سے بھی ہوتی ہے۔ پروفیسر سید مسعود حسن رضوی نے مختلف دلائل پیش کئے ہیں۔ اس کی سرپرستی ابتدا میں انگریزوں نے کی۔ کلکتہ کے بعد ان کی سب سے بڑی چھاؤنی بمبئی میں تھی۔ وہ اپنی تفریح طبع کے لئے کبھی میدانوں میں اپنے رہائشی مکانوں میں اور مخصوص نشستوں میں ڈرامے کرتے تھے جو انگریزی میں ہوتے تھے۔ ان کے اداکار فوج کے جوان ہوتے جب ایک رجمنٹ تبدیل ہو جاتی تو دوسری اس کی جگہ آجاتی یہ لوگ اردو ڈرامے کی تاریخ میں Amateurs کے نام سے یاد کئے جاتے تھے۔ ان ڈراموں کی ابتدا بمبئی آئین چن تھیٹر سے ۱۷۵۰ء سے ثابت

---

[1] [2] عشرت رحمانی : اُردو ڈرامے کا ارتقاء۔ صفحہ ۷۳، ۸۳

ہے۔ ڈاکٹر نامی کے نزدیک بمبئی تھیٹر کا قیام ۱۷۷۰ء میں ہوا۔ اور اس کا پہلا تماشا Haunted Drumaner House ہے۔ یہ تھیٹر وقت کے ساتھ مختلف دشواریوں کا سامنا کرتا رہا۔ لیکن تھیٹر ہال باقی رہا۔ جو کبھی نیلام گھر بنا ہمیشہ خسارے میں چلتا رہا۔ اس کی مجلس منتظمہ بار بار تبدیل کی جاتی تھی۔ ہر بار قرض کے بوجھ میں اضافہ ہوتا تھا۔ نتیجہ میں ۱۸۳۵ء میں مسٹر نیون ہم نے حکومت کی اجازت سے اسے پانچ لاکھ اکیس ہزار ایک سو تیس روپیوں میں نیلام کر دیا۔ اور اس کی رقم شاہی خزانے میں داخل کر دی۔ خاصی طویل خاموشی کے بعد ایسٹ انڈیا کمپنی کی مدد سے جگن ناتھ شنکر سیٹھ نے ۱۸۴۵ء میں تھیٹر ہال تعمیر کیا جس میں ۱۸۴۶ء سے انگریزی ڈراموں کے دکھانے کا سلسلہ شروع ہوا۔ مدنظر رہے کہ جگن ناتھ شنکر سیٹھ نہ صرف یہ کہ دولت مند ہندوستانی رئیس تھے بلکہ انہیں فنون لطیفہ سے خصوصی دلچسپی تھی۔ انہی کی کوششوں سے انگریزی کے ساتھ ساتھ ہندوستانی ڈرامے بھی اسٹیج کیے گئے۔ ہندوستانی ڈرامے ہندو ڈرامٹک کورنے تیار کیے۔

ہندوستانی ڈراموں کی پیش کش کی کامیابی کی بناء پر پارسی سرمایہ داروں کو تھیٹر سے دلچسپی پیدا ہوئی۔ اور متعدد تھیٹر کمپنیاں قائم ہوئیں۔ سب سے پہلے ۱۸۵۳ء میں فرام جی گستار جی دلال کی مساعی سے پارسی ناٹک منڈلی قائم ہوئی۔ لیکن یہ زیادہ دنوں تک قائم نہ رہ سکی اس کے بعد انہوں نے ایک دوسری تھیٹر کمپنی ۱۸۵۹ء میں قائم کی گئی۔ اس کے بعد متعدد ڈراما کمپنیاں وجود میں آئیں۔ جو تھوڑے تھوڑے عرصے تک اپنا جلوہ دکھا کر نابود ہو گئیں۔ ڈاکٹر میمونہ دیوی نے اپنے تحقیقی مقالے میں ان کمپنیوں کی تفصیل درج کی ہے۔ یہاں ان کا اعادہ غیر ضروری معلوم ہوتا ہے مدنظر رہے کہ اس دور میں متعدد ناٹک منڈلیاں ضرور قائم تھیں لیکن

ان کے اسٹیج کرنے کے لئے تھیٹر ہال بہت کم تھے۔ ۱۸۶۱ء میں الفنسٹن کالج کے پارسی طالب علموں نے الفنسٹن ڈرامٹک کلب قائم کیا جس کے روح رواں کھنڈ جی سہراب جی ناظر تھے۔ انہوں نے کئی ڈرامے لکھے ہیں۔ جن میں اندر سبھا کرن گھیلی، پاک دامن اور سلیمانی شمشیر زیادہ مشہور ہیں۔ انہیں اپنے دور میں بے پناہ مقبولیت حاصل ہوئی۔ جس کے نتیجہ میں انہیں ۱۸۷۶ء کے دلی دربار میں شرکت کی دعوت دی گئی۔ جس میں انہوں نے شرکت کی۔ وکٹوریہ ناٹک منڈلی کے ساتھ دلی گئے۔ انہوں نے اپنے بعد الفنسٹن کی نگرانی دادا بھائی رتن جی ٹھٹوئی کو سپرد کر دی۔ جس میں شیکسپیئر کے بعض ڈرامے پیش کئے گئے۔ ان ڈراموں میں مرچنٹ آف وینس اور اوتھیلو وغیرہ کو زیادہ مقبولیت حاصل ہوئی۔ اس کے بعد ۱۸۶۶ء میں اوریجنل الفنسٹن کلب قائم ہوا۔ پارسیوں نے پہلے گجراتی ڈراموں کے لئے کرتھ شالا تھیٹر ایک منڈلی قائم کی۔ بعد میں اسی کا نام وکٹوریہ ناٹک منڈلی پڑا۔ اس کا قیام ۱۸۶۸ء میں ہوا۔ اس کلب کے روح رواں کاوس جی تھے۔ انہوں نے ڈرامے میں جدت پیدا کرنے کے لئے ایرانی تمثیلوں کو اپنا ماخذ قرار دیا جس سے متاثر ہو کر پرشین ناٹک منڈلی کی بنیاد پڑی۔ اس کے بانی دادا بھائی سہراب جی پٹیل تھے۔ اس منڈلی نے کئی اہم ڈرامے اسٹیج کئے۔ اس کے اداکار ایرانی تھے جو اپنے روپ رنگ میں عام ہندوستانیوں سے بہتر تھے۔ اس منڈلی کے زیر اہتمام "رستم و سہراب" اور رستم خدسی اسٹیج کیا گیا۔ اس کے بعد پارسیوں نے ڈرامے میں اور بھی دلچسپیاں لیں۔ اور اردو ڈرامے کے فروغ میں ذاتی دلچسپی کا اظہار کیا۔ لیکن ان کا مقصد [illegible] زبان و ادب کی ترویج سے زیادہ مالی منفعت تھا۔ وہ ایک زبان میں ڈرامے پیش کرنا چاہتے تھے جن کو زیادہ سے زیادہ لوگ دیکھیں اور سمجھ سکیں۔ اسی مقصد کے پیش نظر گجراتی زبان کے ڈراما نگار ابدل جی جمشید جی کھوڑی

نے 'سونا نئی خورشید' ڈراما اردو میں لکھا لیکن اردو رسم الخط سے ناواقف ہونے کی بناء پر انہوں نے گجراتی رسم الخط میں لکھا اور ۱۸۷۱ء میں پیش کیا گیا۔

مدنظر رہے کہ دلی دربار کے اعلان نے کئی دوسرے ڈراما نگاروں کو بھی متوجہ کیا جن میں دادی پٹیل کے دل میں بھی اُمنگ پیدا ہوئی۔ اور وہ بھی دلی دربار میں شرکت کے لئے گئے۔ لیکن ناظر اپنے مقصد میں زیادہ کامیاب نہ ہوئے اور ۱۸۸۸ء میں انہیں اپنی ناٹک منڈلی اپنے اداکاروں کے حوالے کر دینا پڑی۔ ان کے بعد ان کے ہدایت کار دادا بھائی ٹھنوٹی اور منتظم خورشید بالی والا ہوئے۔ بعد میں دونوں میں اختلاف ہوا۔ اور ٹھنوٹی کمپنی سے الگ ہو گئے۔ بالی والے نے منیجر اور ڈائرکٹر بننے کے بعد کلکتہ رنگون اور مانڈلے کا سفر کیا۔ اور متعدد ڈرامے پیش کئے۔ جس سے انہیں بے پناہ دولت ملی اس رنگ میں ۱۸۸۵ء میں وہ ایک بین الاقوامی نمائش میں حصہ لینے کیلئے لندن گئے۔ لیکن اس بار قسمت نے پانسہ پلٹ دیا اور انہیں زبردست خسارے کا سامنا کرنا پڑا۔ اس کے بعد پارسی تھیٹر کی سرگرمیاں ختم ہو گئیں۔ اب دوسری تھیٹر کمپنیوں کا زمانہ آیا۔

شہپر رسول

○

زہرِ شب، ویران بستر اے خدا
کرب اک منظر بہ منظر اے خدا

میں ترے شاہیں کا شہپر اے خدا
کون ہے میرے برابر اے خدا

خواہشِ پرواز پر ہنستا ہوا
طائرِ مجبور و بے پر اے خدا

گھر کے گر جانے کا تجھ سے کیا گلہ
بارشیں ہوتی ہیں اکثر اے خدا

دوستی اور دشمنی کے نام سے
قید ہوں کس کس کے اندر اے خدا

کاش! تو بھی مجھ میں آ کر دیکھتا
ڈوبتے سورج کا منظر اے خدا

زیر کچھ "بونے" مجھے کیسے کریں
بیوقوفوں کی مدد کر اے خدا

میرا ہمسایہ بھی مجھ سا کیوں نہیں
یہ تعصب ہے سراسر اے خدا

○

کیسے رُک پائیگا یہ سبز لہو دیکھ تو لیں
دِل کے زخموں پہ بھی ہوتا ہے رفو دیکھ تو لیں

کونسا باب کہانی کا کھُلا رکھنا ہے
کونسی سمت سے در آئیگا تو دیکھ تو لیں

قُرب کو خامۂ انکار سے لکھنے والے
آ تری آنکھوں میں ہم رنگِ عدو دیکھ تو لیں

جانے وہ کونسا جذبہ تھا کہ جو کہتا تھا
لوٹ کر جلتے ہوئے شہر کی سو دیکھ تو لیں

میرا سایہ بھی وہ دیکھیں کہ نہ دیکھیں شہپر
دِل کی آنکھوں سے ذرا منظرِ ہو دیکھ تو لیں

●

ڈاکٹر نرائش

K. P. SABHA AMBPHALLA
LIBRARY
No
Date
JAMMU

یہ عشق بھی کیا شے ہے اور ان کا کھونا ہے
دو روز کا ہنسنا ہے اک عمر کا رونا ہے

پیپل سے بچھڑ کر ہم ہو بیٹھے ہیں کیکٹس کے
اب ذکر کبھی گاؤں کا پلکوں کا بھگونا ہے

اے نیز قدم لوگو للہ ذرا بچ کر!
ان کانپتے ہاتھوں میں ماضی کا کھلونا ہے

اے روحِ مقدس تو سو جائے تو بہتر ہے
مجھکو کسی ہمدم کے نشتر سا چبھونا ہے

حق گوئی نرائش اس پر اس درجہ یہ بے باکی
کس دار پہ چڑھنا ہے کس دار پہ اترنا ہے

احسن شفیعی

یہ شہر بے ثبات ہے پوچھو گے کس جگہ
رُک کر کسی مقام پر اس شخص کا پتہ

ہر حُسن کھو چکا ہے سرِ راہ زندگی
آؤ چلیں یہاں سے یہاں کچھ نہیں رہا

دعویٰ بہت قریبِ رگِ جاں کا ہے تجھے
پھر کیوں ہے دل کے بیچ یہ صدیوں کا فاصلہ

آنکھوں کے پار جھیلِ تمنا میں روز و شب
ہر لمحہ ڈوبتی ہے کسی خواب کی صدا

★

احسن شخصی

میرے ان دیکھے سفر کا پیش منظر کچھ نہ تھا
دھند کی اک ریت تھی ساحل سمندر کچھ نہ تھا

اک صدا دستِ طلب کیوں مستقل باہر کھڑی
اس مکاں کے سامنے تھی جس کے اندر کچھ نہ تھا

زرد کائی تھی جمی محرومیوں کی ہر طرف
خواہشوں کے شہر کی دیوار و در پر کچھ نہ تھا

کوئی آہٹ، کوئی دستک نہ کہیں سرگوشیاں
منجمد اس گھر کے اندر اور باہر کچھ نہ تھا

از زمیں تا آسماں چاروں طرف تھا بس دھواں
آرزوئے شہر کی آنکھوں میں منظر کچھ نہ تھا

★

مرزا محمد زمان آزردہ

مرزا دبیر کی اردو نثر اور فصیح کی نخلِ ماتم

مرزا دبیر عام طور پر ایک مرثیہ گو کی حیثیت سے مشہور ہیں۔ جس طرح بیشتر لوگ اُن کی غزل گوئی، مثنوی نگاری، قصیدہ گوئی سے ناواقف ہیں اسی طرح بہت کم لوگ اُن کی نثر نگاری کا علم رکھتے ہیں۔ فارسی نثر تو خیر اُن کی چھپی نہیں بلکہ ہنوز مخطوطات کی شکل میں موجود ہے[۱]۔ لیکن اردو میں اُن کی ایک باقاعدہ نثری تصنیف ملتی ہے جو ابواب المصائب کے نام سے مطبع یوسفی دہلی سے شائع ہوئی تھی۔ صاحب حیات دبیر اس کے بارے میں تحریر کرتے ہیں:

"ایک اردو نثر کی کتاب مصائب میں مطبع یوسفی دہلی میں چھپی ہے جس کا نام "ابواب المصائب" ہے۔ جناب مرزا اوج صاحب قبلہ سے بر سبیل تذکرہ معلوم ہوا کہ اس کا اصل مسودہ مرزا صاحب کے کتب خانہ میں موجود ہے۔ پس یہ کتاب بالتحقیق انہیں کی تصنیف پائی جاتی ہے۔ میرے کرم فرما سید صغیر حسین صاحب شمس مالک مطبع یوسفی دہلی و مینجر اخبار اثنا عشری دہلی کی شعاع توجہ و مہربانی سے یہ کتاب مجھے مسلی دیباچہ سے معلوم ہوتا ہے کہ نصیر الدین حیدر بادشاہ دوم اودھ کے عہد میں یہ کتاب مرزا صاحب نے لکھی (لکھی) حضرت یوسف کے واقعات جا بجا لکھ کر حالات امام حسین کا پیوند لگایا ہے۔ باوصفیکہ اب سے پچاس سال پہلے کی تصنیف ہے مگر زبان سلیس ہے۔ عبارت میں اس زمانہ کی روش سے

---

[۱] ملاحظہ ہو راقم کا مضمون مرزا دبیر کی نثر نگاری ـــ نثر فارسی مطبوعہ شیرازہ جلد ۹ شمارہ ۵ ص ۴۵

موافق فارسی و عربی کے الفاظ بہت ہیں۔ مگر عبارت کو خواہ مخواہ مقفّٰے نہیں بنایا ہے۔ اس لئے دلچسپی سے خالی نہیں[1]"۔

ثابت کے بعد اس کتاب کا تذکرہ ذاکر حسین فاروقی نے اپنی کتاب دبستانِ دبیر میں اس طرح کیا ہے: "انہوں نے مرزا دبیر نے نثر میں ابواب المصائب کے نام سے ذاکری کی ایک کتاب تصنیف کی تاکہ جو فریضہ وہ نظم میں مدت العمر ادا کرتے رہے اسے نثر میں بھی ادا کر دیں۔ یہ کتاب مرزا صاحب نے عہد شاہ نصیر الدین حیدر میں تصنیف کی تھی اور اس کی تاریخ بھی خود ہی نکالی تھی "مصنف طاق چشم اہل عزاست" (۱۲۴۵ھ)۔ یہ کتاب ۱۶۸ صفحات پر شائع ہوئی ہے۔ اور اردو نثر کی ابتدائی کتابوں میں شمار کی جا سکتی ہے۔ یہ کتاب ذاکری کے اس طریقہ سے تعلق رکھتی ہے جسے "نثر خوانی" کہا جاتا ہے اس لئے کہ اس میں اشعار بھی چسپاں کئے گئے ہیں جو نثر خوانی کا دستور ہے۔ کتاب کی زبان عالمانہ اور رواں ہے۔ ادبیت کی چاشنی کافی ہے اور جب ہم یہ دیکھتے ہیں کہ یہ اس عہد کی تصنیف ہے جس عہد میں فسانۂ عجائب لکھی گئی تھی تو اس بات کی داد دینا پڑتی ہے۔ کہ مرزا صاحب نے صاف اور شستہ زبان استعمال کر کے اس زمانہ کے عام رنگ کے برخلاف نثر میں بھی اپنی ایجاد پسندی کا سکہ قائم رکھا۔ ابواب المصائب سورۂ یوسف کی تفسیر ہے جس میں جگہ جگہ ربط مصائب دے کر اسے رقت آفریں بنا دیا گیا ہے[2]"۔

ثابت اور فاروقی کے ان بیانات سے اس تصنیف کی فنّی اہمیت کا اندازہ نہیں ہوتا۔ اب یہ تصنیف تقریباً نایاب[3] ہو چکی ہے۔ البتہ ڈاکٹر ذاکر حسین فاروقی نے اپنے مضمون بعنوان "ابواب المصائب" (مطبوعہ کاروانِ حیات بمبئی شہید اعظم نمبر) میں اس پر قدرے تفصیل سے بحث کی ہے اور اسکی

---

[1] : حیات دبیر جلد اوّل ص ۲۸۰-۸۱

[2] : دبستان دبیر ص ۱۶۴-۶۵۔ [3] راقم نے اس کتاب کے سلسلے میں ایک مرتبہ اشتہار شائع کرایا تھا کہ اگر کسی کو اس کے بارے میں کوئی علم ہو یا کسی کے پاس یہ کتاب موجود ہو تو اطلاع دی جائے مگر اس وقت یہ کتاب دستیاب ہوئی اور تین سال بعد راقم کو اس کا ایک نسخہ جناب محمد شبیر صاحب کے ذاتی کتب خانہ لکھنؤ میں ملا ہے۔ جہاں ڈاکٹر اکبر حیدری بھی اس سے استفادہ کر چکے ہیں۔

بعض خصوصیات کو منظر عام پر لایا ہے۔ جو یہ ہیں[1]:

(۱) جس وقت ابواب المصائب لکھی گئی اس وقت تک کوئی شیعہ عالم اردو میں کتاب نہیں لکھتا تھا بلکہ وہ اردو میں تصنیف و تالیف کا کام کرنا کسر شان سمجھتے تھے۔ مرزا دبیر نے اردو میں ایک مذہبی تصنیف پیش کر کے ایک بڑی علمی جرأت کا مظاہرہ کیا۔

(۲) ابواب المصائب میں جو انداز ذاکری سامنے آتا ہے وہ "حدیث خوانی" اور "نثر خوانی" کا مرکب کہا جا سکتا ہے۔

(۳) ابواب المصائب اردو کے تفسیری ادب کی اہم کاوش ہے۔

(۴) غالب نے ۱۸۵۰ء (مطابق ۱۲۶۶ھ) کے بعد خط اردو میں لکھنا شروع کیا جس کی وجہ سے انہیں آسان اور سلیس زبان اردو کے استعمال کے لئے ترجیح دی جاتی ہے۔ جب کہ مرزا دبیر کی باقاعدہ تصنیف ابواب المصائب مرزا غالب کی اس کاوش سے قبل یعنی ۱۲۴۵ھ ہی میں منصۂ شہود پر آ چکی تھی۔

ڈاکٹر اکبر حیدری نے بھی مرزا دبیر کی اس تصنیف پر قدرے تفصیل سے بحث کی ہے۔ اس کا دیباچہ اور آخر میں دیا ہوا قطعۂ تاریخ بھی نقل کیا ہے۔ وہ تحریر کرتے ہیں:

"مرزا دبیر کو نظم کی طرح نثر میں بھی یکساں قدرت حاصل تھی۔ راقم الحروف کو ان کی ایک نثری تصنیف موسوم بہ ابواب المصائب دستیاب ہوئی۔ یہ کتاب نایاب ہے اور اب عنقا کا حکم رکھتی ہے[2]۔"

ڈاکٹر حیدری اسے دبستان لکھنؤ کی دوسری نثری تصنیف قرار دیتے ہیں۔

"ابواب المصائب رجب علی بیگ سرور کے فسانۂ عجائب کے بعد دبستان لکھنؤ کی دوسری نثری تصنیف ہے۔ یہ عہد نصیر الدین حیدر بادشاہ میں ۱۲۴۵ ہجری میں تصنیف کی گئی۔ اس کی زبان سادہ

---

[1] ملاحظہ ہو مضمون "ابواب المصائب" مصنفہ ذاکر حسین فاروقی مطبوعہ کاروان حیات بمبئی۔ شہید اعظم نمبر عرس ۱۳۹۱ھ، ص ۹۳-۹۶ : [2] شاعر اعظم ص ۱۶۰ :

سہل ہے اور اس میں فسانۂ عجائب جیسی پر تصنع مقفیٰ اور مسجع عبارت نہیں ہے[1]۔

اس کے بعد موصوف نے اس کا دیباچہ وغیرہ نقل کیا ہے مگر کوئی مفصل بحث نہیں کی ہے جس سے اس کی خصوصیات سامنے آتیں یا دبستان لکھنؤ کے نثری کارناموں میں اس کا مرتبہ متعین ہوتا۔

دبستان لکھنؤ میں اس قسم کی دو کتابیں ملتی ہیں۔ ایک مرزا جعفر علی خان فصیح کی "نخل ماتم" اور دوسری مرزا دبیر کی "ابواب المصائب"۔ مفہوم اور مقصد کے لحاظ سے دونوں کتابوں کا موضوع ایک ہے۔ دونوں کی اردو میں البتہ انداز بیان دونوں کا اس قدر مختلف ہے کہ ایسا معلوم ہوتا ہے اگر فصیح کی کتاب "نخل ماتم" مرزا دبیر کی "ابواب المصائب" سے پہلے تصنیف ہوئی ہوگی تو مرزا دبیر نے یا تو اس کو دیکھا نہیں تھا یا اس سے بچ کر اپنی کتاب تصنیف کی۔

ڈاکٹر حیدری نے اپنے مضمون "مرزا جعفر علی فصیح" میں "نخل ماتم" کا ذکر کرتے ہوئے اس کے تین قلمی نسخوں کی نشاندہی کی ہے جن میں سے ایک کتب خانہ آصفیہ میں ہے جس کے آخر میں یہ ترتیمہ دیا ہوا ہے۔

"تمام ہوا یہ نسخہ مسمی نخل ماتم تصنیف حاجی مرزا جعفر علی فصیح ؎

ہر کہ خواند دعا طبع دارم زانکہ من بندہ گنہ گارم

کاتب الحروف ایں جلد معظم مظفر علی خان پسر دمصطفےٰ علی نیرہ بردار شاہ سوار جنگ بہادر طالب الدولہ در ماہ شعبان المعظم در سنہ ۱۲۸۴ھ مقدسہ سنہ ۱۲۷۸ھ فضلی زیب تحریر یافت[2]"

دو اور نسخے رام پور کے کتب خانہ میں ہیں جن میں سے ایک کی کتابت ۲۶ ربیع الاول سنہ ۱۲۸۱ھ کو ہوئی ہے اور دوسرے نسخے کی تاریخ کتابت کا ذکر ڈاکٹر حیدری نے نہیں کیا ہے[3]۔

---

[1] شاعر اعظم ص ۱۶۰

[2] یہ مضمون میں ان کے مجموعہ مضامین تحقیقی نوادر میں شامل ہے۔

[3] تحقیقی نوادر ص ۳۱۲۔

راقم الحروف کو اس کے دو مطبوعہ نسخے ملے جو محمد رشید (لکھنؤ) کے ذاتی کتب خانہ میں موجود ہیں دو نسخے ڈاکٹر سید شبیہ الحسن (لکھنؤ) کے نجی کتب خانہ میں بھی دستیاب ہوئے۔ ان میں سے ایک جس پر تقدم کا گمان غالب ہوتا ہے، ۱۲۶۲ھ میں مرزا جعفر علی کربلائی نے مطبع حیدری لکھنؤ سے شائع کرایا ہے۔ دوسرا مطبع صفدری نحاس جدید لکھنؤ سے شائع ہوا ہے۔ اس پر سنِ اشاعت نہیں دیا ہے۔ جن مطبوعہ یا غیر مطبوعہ نسخوں کا اوپر ذکر کیا گیا ان سے یہ بات کسی طرح صاف نہیں ہوتی کہ "نخل ماتم" کا سنِ تصنیف کیا ہے۔ ڈاکٹر اکبر حیدری بھی اس ضمن میں خاموش ہیں۔ موصوف ابواب المصائب تصنیف مرزا دبیر کو دبستان لکھنؤ کی دوسری نثری تصنیف قرار دیتے ہیں۔ اور پہلی نثری تصنیف ان کے نزدیک فسانۂ عجائب ہے[1]۔ اس کا یہ مطلب لیا جائے گا کہ "نخل ماتم" ابواب المصائب کے بعد تصنیف ہوئی جو قرین قیاس معلوم نہیں ہوتا اور اس سلسلے میں شواہد کی غیر موجودگی میں کوئی فیصلہ صادر کرنا گمراہی کا باعث ہو سکتا ہے۔

سید سبط محمد نقوی اپنے ایک مضمون مرزا فصیح کی نثری تصنیف "نخل ماتم" میں اس کے سنِ تصنیف کے بارے میں لکھتے ہیں:

"فصیح کے سفر زیارت کا سال ۱۲۲۷ھ ہوتا ہے۔ اور دوسرے سفر کی آرزو کم سے کم سولہ سال یعنی "نخل ماتم" کی تصنیف کے وقت تک نہیں ہو سکتا اور اسے کم و بیش ۱۲۴۳ھ ہونا چاہیے۔ اس طرح نخل ماتم باعتبار زبانی ابواب المصائب سے کم و بیش دو سال مقدم ٹھہرتی ہے۔ اور اسے دبستان لکھنؤ کی نثر نگاری میں ابواب المصائب سے سابق قرار دینا چاہیے[2]"

انہوں نے جس بنیاد پر یہ مفروضہ قائم کیا ہے۔ اس میں شک کی کافی گنجائش ہے کیونکہ "نخل ماتم"

---

[1] : شعر اعظم ص ۱۶۰

[2] مرزا فصیح کی نثری تصنیف "نخل ماتم" ص۲ مطبوعہ ہماری زبان دہلی اس مضمون کا اصل مسودہ راقم کو محمد رشید صاحب لکھنؤی کے کتب خانہ میں ملا ہے اور راقم نے اسی سے استفادہ کیا ہے چنانچہ صفحہ نمبر کا حوالہ بھی اسی مسودہ سے دیا گیا ہے۔

(مطبع حیدری) مطبوعہ ۱۲۶۲ھ کے صفحہ ۱ پر مرتب نے تحریر کیا ہے۔

"یہ نسخہ نخل ماتم تصنیف افصح الفصحا و افضل الشعرا مرزا جعفر علی فصیح دام ظلہ کہ بارہ رطب پر مرتب تھا۔ احقر نے چودہ رطب ترتیب دیا اور بعض رباعیات و احوال متفرقات مختصرات سے حاشیہ کتاب کو مزین کر کے جعفر علی کربلائی نے مطبع حیدری میں چھپوایا۔ . . . . بفضلہ تعالیٰ و حسن توفیقہ بتاریخ نہم شہر ذلحجہ الحرام ۱۲۶۲ھ در رکاب گنج جدید بحسن سعی کارپردازان مطبع حیدری سید محمد الزمان صفوی پرائے اختتام پوشید"[1]۔

اس مطبوعہ نسخہ کے صفحہ ۱۶۱ کے حاشیہ پر "تمت تمام شد" کے بعد یہ عبارت درج ہے۔

"در شہر ذیقعدہ ۱۲۶۲ ہجری مطبع حیدری جناب فیض مآب مسیح الزمان ارسطو دوران حکیم سید محمد زماں صاحب دام ظلہ العالی بتوفیق ایزدی بارادت و سعی مرزا جعفر علی صاحب کربلائی حلیہ طبع پوشید"[2]۔

سن تصنیف کی بنیاد جن اشعار پر رکھی گئی ہے وہ دوسرے مطبوعہ نسخہ میں چودھویں رطب کے بعد درج ہیں۔ یہ دراصل پندرہ اشعار پر مشتمل دمایہ ہے جس کا پہلا شعر ہے ؎

عزاداروں پہ ہنگام بکا ہے — ولے ہر درد و غم کی انتہا ہے

اور آخری تین شعر جن سے سن تصنیف کے بارے میں سید سبط محمد نقوی نے رائے قائم کرلی ہے یہ ہیں۔

فصیح ناتواں کو بار الہا — دوبارہ آرزو ہے بادشاہا

ہے اس امید میں سولہ برس سے — نہ باز آویگا ہرگز اس ہوس سے

مشرف کرا ہے بھی نیم جاں ہے — حسین ابن علی کا مدح خوا ہے[3]

---

[1] نخل ماتم مطبوعہ مطبع حیدری ص ۱

[2] نخل ماتم مطبوعہ مطبع حیدری ص ۱۶۱ ؛ [3] نخل ماتم مطبوعہ مطبع جعفری نخاس جدید لکھنؤ ص ۱۶۰-۶۱

اس میں چونکہ اصلی رطب صرف بارہ ہیں اور مرتب نے اضافے کئے ہیں اس لئے یہ بات بھی عین ممکن ہے کہ جس طرح انہوں نے حاشیوں کا اضافہ کیا، بارہ سے چودہ رطب کر دئے اسی طرح اس دعائیہ کا بھی اضافہ کیا ہو۔ قدیم مطبوعہ نسخہ جس کا راقم نے ذکر کیا ہے اس پر بھی آخر میں "تمام شد" تحریر کیا ہوا ہے مگر گمان غالب ہے کہ وہ بھی نامکمل ہے۔ اور یہ بات قابل توجہ ہے کہ یہ دعائیہ اس میں شامل نہیں ہے دونوں نسخوں کی اس کے بعد کی عبارتیں بھی مشابہ ہیں۔ مگر نقش اول (مطبوعہ ۱۲۶۲ھ) میں یہ دعائیہ غائب ہے۔

بہرکیف یہ فیصلہ کرنا مشکل ہے کہ دونوں کتابوں یعنی "ابواب المصائب" اور "نخل ماتم" میں تقدم کس کو حاصل ہے۔

نخل ماتم کی تفصیل

"نخل ماتم" فضائل و مصائب اہل بیت کے بیان میں ایک نثری تصنیف ہے جس میں جگہ جگہ رطبیے کے لئے نظم سے کام لیا گیا ہے۔ عنوان کتاب کی نسبت سے اس کے ہر باب کو مصنف نے "رطب" کا نام دیا ہے۔ اس کے متعلق ابتدا میں کہا ہے۔

بنی تو نخل ہیں زہرا ہیں شاخ گل قیمہ حسن حسین رطب ہیں محب ہیں برگ شجر

اور پہلے رطب میں اس عنوان کی وضاحت اس طرح بھی کی ہے:

جناب رسول خدا نے یوں فرمایا ہے اَنَا الشَّجَرَۃُ وَ فَاطِمَۃُ فَرْعُھَا وَعَلِیٌّ لَقَاحُھَا یعنی میں ایک درخت ہوں سرسبز اور فاطمہ زہرا اس کی شاخ تر و تازہ ہے اور علی مرتضیٰ اس کا پھول ہے شَجَرَۃٌ وَالْحَسَنُ وَالْحُسَیْنُ ثَمَرُھَا اور میرے فواسے حسن اور حسین اس نخل کے رطب ہیں وَشِیْعَتُنَا اَھْلُ الْبَیْتِ اَوْرَاقُھَا اور شیعہ موالی اہل بیت اس درخت کے پتے ہیں۔

---

[1] نخل ماتم مطبوعہ مطبع حیدری ص ۲ :

صحرا کے جا کر ایک گرگ کو پکڑ لائے اور منہ اس کا خون سے بھر کر اپنے باپ کو دکھایا یعقوب
نے گرگ کی طرف متوجہ ہو کے فرمایا کہ تو نے میرے نور نظر کو کھایا ہے گرگ نے زبان
فصیح سے عرض کی ..... مجھ سے یہ فعل زبوں ظاہر ہوتا جس وقت مجھے
کو یہ ثابت ہو کہ گوسفندوں کو تیری ضرر نہ پہنچاؤں کس طرح فرزند عزیز کو تیرے کھانے
اور سوا اس کے گوشت نہیں کا اور دیوں کا ہم پر حرام ہے اور آزار پہنچانا اور
اذیت دینا ان کو ہمارے مذہب میں گناہ عظیم ہے اور خلاف ہے۔ اے سو منو
جس وقت تو نے دل دکھایا انبیا کا اور اولیا کا اپنے مذہب میں حرام جانیں اور
کھیں دامیتا کبھی امت پیمبر نے کس دلیل سے اور کس طریق سے جمع کرنا
فرزند رسول خدا کا حلال اور جانا ہے"

نزول سورۂ یوسف کی وجہ

"ابواب المصائب" کے دیباچہ سے سورۂ یوسف کے نزول کی وجہ بھی سامنے آتی ہے۔ لکھا
ہے کہ رسول مقبول آنحضرت صلعم اپنے نواسوں کو اپنے زانوؤں پر بٹھا کر پیار فرما رہے تھے کبھی لبوں کو چوم
لیتے تو کبھی شکر ہا کہ اللہ کی طرف سے حضرت جبرئیل نازل ہوئے اور دریافت کیا کہ دونوں میں سے کون
زیادہ عزیز ہے۔ جناب رسول مقبول نے جواب فرمایا کہ دونوں میرے لخت جگر اور نور نظر ہیں۔ حضرت جبرئیل
نے کہا کہ خالق تعالیٰ نے فرمایا ہے کہ یہ آپ کے دونوں فرزند شہید ہوں گے۔ یہ سن کر حضرت رونے لگے اور دریافت
فرمایا کہ کون شہید کرے گا۔ تو حضرت جبرئیل نے جواب دیا کہ وہ لوگ آپ کی امت سے ہوں گے۔ اور آپ
سے شفاعت کی امید بھی رکھتے ہوں گے۔ اور یہ کہ انہیں بے قصور قتل کریں گے۔ یہ سن کر رسالتمآب زار
زار رونے لگے اور جبرئیل نے تسلی کے لئے یہ مژدہ دیا کہ ان فرزندوں کا خوان بہار روز قیامت شفاعت
امت ہوگا۔ اس کے بعد قصۂ یوسف تسکین رسول مقبول کے لئے بیان کیا۔

(ابواب المصائب ص ۱۰۰ باب ۳ فصل ۲)
(ابواب المصائب باب ۳ فصل ۱) ص ۱۰۰

چیزوں کے آنے کی توقع نہیں کی جا سکتی تھی کیونکہ شیخ طاہر کی توجہ خاصی کی طرف زیادہ تھی اور اردو میں مقفّٰی
کا ذکر نظم ہی میں ہوتا تھا۔ یہی وجہ ہے کہ اس میں جگہ جگہ نظم سے کام لیا گیا ہے۔ اس کے بارے میں یہی کہا
جا سکتا ہے کہ نظم کو دلچسپی تام کے لئے اور سامعین کو متوجہ رکھنے کے لئے شامل کیا گیا ہے کیونکہ اکثر مقامات پر
یہ محسوس ہوتا ہے جیسے نثر جو اس میں ملتی ہے نظم ہی کو تشریح کے طور پر تحریر کی گئی ہے۔ یا ایک بات کو نظم
اور نثر دونوں میں پیش کیا جا رہا ہے۔ اس کی زبان اس زمانے کے لحاظ سے تو اپنی جگہ اہمیت ضرور رکھتی
ہے کیونکہ اردو نثر کی کوئی روایت ہی سامنے نہیں تھی مگر آج کل کی زبان کو سامنے رکھتے ہوئے یہ
کہنا غلط نہ ہوگا کہ آج کے قاری کو اسے پڑھتے ہوئے خاصی الجھن ہوگی۔ یہی وجہ ہے کہ اس کی عبارت اور
اس کے واقعات میں ناہمواری پائی جاتی ہے۔ [illegible] کے الفاظ اس مذاق زمانہ کے مطابق تو ٹھیک
ہیں مگر عربی کی بھی بہت عبارتیں ہیں اور قریب قریب ہر صفحہ پر روایات اور احادیث پر مشتمل پانچ پانچ
چھ چھ جملے عربی کے ہیں۔ اس سے نثر کا فصیح [illegible] کا کمال ہونے میں کوئی فرق نہیں آتا۔ مرثیہ گوئی میں ان
کا ایک مقام ہے اور ان کے باکمال ہونے میں کسی کو کلام نہیں۔ ان کی تین مثنویاں ابھی اب تک سامنے
آئی ہیں جن کے نام یہ ہیں۔ "برق الامع"، "مثنوی نان و نمک" اور "مثنوی چشمہ زمزم"
ذیل میں نمونہ کے طور پر نخل ماتم کا ایک اقتباس نقل کیا جاتا ہے:

"اے شیعیان علی ابن ابی طالب اے محبان اسد اللہ الغالب تمہارا مولا
مقبول رب جلیل ہے فخر ابراہیم و اسمٰعیل ہے فضائل جناب رسالت مآب کے بیان
کرنے امر محال ہے علی صاحب فضل و مجد و کمال ہے علی کے رتبہ کو نبی جانتے تھے خاتم
الاولیا کو خاتم الانبیا پہچانتے تھے۔ روایت ہے ابن عباس سے کہ جناب رسول خدا
نے جناب امیر کی شان میں فرمایا۔ . . . . اگر سارے باغوں کے درختوں کے
قلم بنا دیں اور دریائے محیط کو سیاہی کے بدلے معرف میں لاویں اور سب جن جمع ہو
کر حساب کریں اور سب بنی آدم کتابت میں شتاب کریں ہرگز نہ لکھ سکیں گے فضیلت

میں سے علی مرتضیٰ کے ایک بھی[1]

مندرجہ بالا اقتباس سے چھٹے رطب کی ابتدا ہوتی ہے۔ اس کے شروع میں جناب امیر کی فضیلت کا بیان ہے اس اقتباس سے اندازہ ہوگا کہ مصنف نے قافیہ اور ردیف کا بھی خیال رکھا ہے۔ مثال کے لئے ذیل کے اجزائے کلام ملاحظہ فرمائیں۔

مولا مقبول رب جلیل ہے	فخر ابراہیم و اسمٰعیل ہے۔
۔۔۔۔ امر محال ہے۔	۔۔۔۔ کمال ہے۔
۔۔۔۔۔ جانتے تھے۔	۔۔۔۔ پہچانتے تھے۔
۔۔۔۔۔ قلم بنا دیں۔	۔۔۔۔ میں لا دیں۔
۔۔۔۔۔ حساب کریں۔	۔۔۔ شتاب کریں۔

اس کے مقابلے میں مرزا دبیر کی تصنیف "ابواب المصائب" اردو کے نثری کارناموں میں زبان و بیان اور ترتیب و تسلسل کے لحاظ سے بہت ہی اہم ہے۔ یہ کارنامہ مرزا دبیر نے اس وقت انجام دیا ہے جب وہ صرف ستائیس برس کے تھے اور طبیعت بہار پر تھی۔ اس وقت کے علمی تقاضے کسی سے پوشیدہ نہیں ہیں اور مرزا دبیر نہ صرف اس میدان کے شہسوار تھے بلکہ ان کا رتبہ نوجوانی میں ہی ایسا تھا کہ پورے میدان پر نگاہ تھی۔ ان کے علم اور ان کے رنگ طبیعت کی قدر ہوتی تھی۔ لوگ سننے کے مشتاق رہتے تھے مگر قدرت نے انہیں ایسی صلاحیتیں ودیعت کی تھیں جن کو ایک فرد واحد سمیٹ نہیں پاتا۔ لیکن مرزا دبیر اپنی صلاحیتوں سے کام لینا جانتے تھے۔ ان کے اظہار کے طریقے ان کو خوب آتے تھے۔ ان کی نگاہ ایسے پہلوؤں پر جاتی تھی جو عام طور پر اوسط درجے کے لوگوں کے سامنے نہیں آتے اور بعد میں یہ معلوم ہوتا ہے کہ یہ تو سامنے کی چیز تھی اور فن کاری بقول غالب یہی ہے ؎

دیکھنا تقریر کی لذت کہ جو اس نے کہا میں نے یہ جانا کہ گویا یہ بھی میرے دل میں ہے

---

[1] نخل ماتم مطبوعہ مطبع جعفری۔

اسی جذبہ اور اسی صلاحیت نے مرزا دبیر سے ابواب المصائب تصنیف کرائی۔ یہ کتاب مطبع یوسفی دہلی سے شائع ہوئی ہے۔ سن طباعت اس پر درج نہیں ہے[1]۔ سرورق پر یہ عبارت درج ہے:

فلیضحکوا قلیلاً ولیبکوا کثیراً

"الحمد للہ کہ درین ایام حزن التیام رسالہ عجائب و غرائب اعنی

ابواب المصائب

من تصنیفات شاعر بے بدیل و نظیر مرجع ہر صغیر و کبیر جناب مرزا دبیر بمطبع یوسفی دہلی طبع شد[2]"۔

ابواب المصائب کا سن تصنیف ——

کتاب کے آخر میں نو اشعار پر مشتمل ایک قطعہ تاریخ بھی دیا ہے جس کا مصرعہ مادہ تاریخ ہے ع

"مصحف طاق چشم اہل عزاست" اس سے ۱۲۴۵ھ نکلتے ہیں۔ قطعہ تاریخ کے آخری تین شعر یہاں ہدیہ ناظرین کئے جاتے ہیں[3]

غور کردم بسال تالیفش — کہ ز آئین فرقہ شعراست

ناگہاں نوح نوحہ قاعدہ قتل — از چپ و راست دلاشرہ راست

گفت با من کہ سال تاریخش — مصحف طاق چشم عزاست

۱۲۴۵ھ

مرزا دبیر کی پیدائش ۱۲۱۸ھ کی ہے اور ۱۲۴۵ھ میں جب یہ کتاب انہوں نے تصنیف کی تو وہ ستائیس ۲۷ برس کے نوجوان تھے۔

مدت تصنیف ——

اس کتاب میں منظوم دیباچہ کے بعد جو خاتمہ مرزا دبیر نے تحریر کیا ہے اس سے پتہ چلتا ہے کہ انہوں

---

[1] اس کے صفحات ۱۶۸ ہیں سطر ۱۵ اسطری اور سائز ۱۲×۸ ۵ ہے

[2] سرورق — ابواب المصائب — مطبوعہ مطبع یوسفی دہلی۔

[3] ابواب المصائب ص ۱۶۸

نے یہ کتاب صرف ایک ہفتہ کے عرصہ میں تصنیف کی اور اس دوران بھی وہ مجالس میں شریک ہوتے رہے ہیں۔ یعنی معمول کے کاموں سے جو فرصت ملتی تھی اُسی میں یہ کتاب تیار ہوئی۔ لکھتے ہیں:

"بندۂ لایزالی کہ لشکرِ حواس اور تردد بقیاس میں تعجیل تمام اور بعجلت مالا کلام مدت یک ہفتہ میں اس خود غلط نے یہ اوراق سفید سیاہ کئے ہیں۔ اور اس زمانہ میں بھی اکثر اکتساب ثواب مجالس عزا میں اور تحصیل سعادت ملازمت احبا میں حاضر اور موجود رہا ہے۔"

اللہ اللہ یہ جوشِ طبیعت! اس زمانے میں دوسری مصروفیات کے باوجود ایک ہفتے میں ایسی کتاب تصنیف کرنا دلیل کمال ہے۔ اس میں شک نہیں کہ ایک آدمی ۱۶۸ صفحات تو کیا ایسی کئی کتابیں ایک ہفتے میں لکھ سکتا ہے۔ مگر یہ نہ تو کوئی عشقیہ مثنوی ہے اور نہ کوئی ایسی رزمیہ داستان جن میں صرف تخیل سے کام لینا ہی کافی ہو۔ آیات قرآنی اور روایات کے آئینے میں واقعہ حضرت یوسف کو بیان کرنا اور جا بجا مصائب اہل بیت کو اس سے ربط دے کر پیش کرنا آسان کام نہیں۔ اور پھر یہ کتاب نثر میں درجہ اجتہاد رکھتی ہے۔ زبان اس زمانے کے مذاقِ عام کے خلاف یعنی مسجع و مروّل استعمال کرنا بھی کوئی آسان کام نہ تھا۔ واقعہ کا انتخاب بھی ایسا کیا جس میں یہ گنجائش تھی کہ مصائب اہل بیت سے ربط پیدا کیا جا سکے اور ان کو تفصیل پیش کیا جا سکے۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ مرزا دبیر نے ایک ہیولیٰ ذہن میں تیار کیا اور پھر اس پر اپنی اس تصنیف کو ڈھال لیا۔ اس کے تکنیک میں ایک بات کی خاص اہمیت ہے کہ کہیں بھی وہ اصل مقصد سے دور نہیں گئے ہیں۔ ماتم اور عزاداری کے پہلو کو سامنے رکھ کر چلے ہیں۔

وجہ تصنیف ــــ

اس کی وجہ تصنیف کے بارے میں خود تحریر کرتے ہیں:

"باعث تالیف اور سبب تصنیف یہ ہے کہ دیرینہ تائید غیبی اور بالہام
الٰہی بندہ حقیر کثیر التقصیر اعنی دبیر کا یہ عزم بالجزم ہوا کہ ترجمہ سورۂ یوسف کا
مشتمل بمصائب جناب سید الشہداء علیہ التحیۃ والثنا بطریق تازہ اور بحسن بے
اندازہ از روئے تفاسیر معتبرہ اور احادیث معتمدہ کے تعزیہ دران جناب آبا جداللہ
الحسین علیہ السلام کے مطالعہ کے واسطے زبان اردو سے مطلع میں کرے۔"

اس اقتباس سے عیاں ہے کہ جو خدمت وہ نظم میں انجام دے رہے تھے اُس کو نثر میں بھی انجام
دینا چاہا تاکہ اس میں بھی انہیں مجتہد کی حیثیت حاصل ہو۔ اور لوگ اس کا ثواب کے مطالعہ سے استفادہ کریں۔

تفصیل ابواب المصائب ——

"ابواب المصائب" چھ ابواب پر مشتمل ہے اور ہر باب پانچ فصلوں پر مشتمل ہے۔ تفصیل یہ ہے ——

باب اوّل —— اس باب میں ابتدائے سورۂ یوسف سے وداع یوسف و یعقوب کے مقصد
بیان ہوئے ہیں۔ جو حضرت یوسف کے حسن کی تعریف اور صفات امام حسنؑ، حال ولادت حضرت یوسف
اور ولادت امام حسنؑ کے حال، برادران یوسف کا حضرت یوسف کے ساتھ سلوک اور اہل کوفہ کا
سلوک امام حسنؑ کے ساتھ پر مشتمل ہے۔

باب دوم —— اس باب میں "دنیا" خواہر حضرت یوسف کے خواب برادران یوسف کی
پشیمانی (دنیا) کی بے قراری، اس چاہ کے پرندوں کی کیفیت جس میں حضرت یوسف کو بھائیوں نے
پھینکا تھا، حضرت جبرئیل کا اس کنویں میں آنا اور حضرت زینب کی نوحہ زاری، کوفیوں کی پیشانی
عائروں کا شہادت حسین کی خبر مدینہ اور دوسرے شہروں میں پہنچانا۔ خون حسین کے اثر سے یہودی
کی بیٹی کا صحت مند ہو جانا اور اس قبیلے کا مسلمان ہو جانا" بیان کیا گیا ہے ——

باب سوم —— اس میں فرزندان یعقوب کا حضرت یعقوب کا یوسف کے خون آلودہ پیراہن

ترجمہ ابواب المصائب (دیباچہ) ۱۲

دکھانا۔ حضرت یوسف کے ساتھ سیاہ رنگ غلام کا بے ادبی کرنا۔ حضرت یعقوب کا نوحہ کرنا حضرت جبرئیل کا حضرت یعقوب کو تسلی دینے کے لئے آنا۔ حضرت یوسف کا قبر مادر سے خطاب ایک شخص کا خواب دیکھنا جس میں وہ خواتین امام حسین سے حضرت فاطمہ کو پوشاک آلودہ کئے ماتم کرتے دیکھتا ہے۔ جناب زینب امام زین العابدین کا آہ وزاری کرنا۔ اہل بیت پر اشقیا کا ظلم و تشدد اور قتل گاہ میں اہل بیت کا نوحہ و نالے بلند کرنا بیان کیا گیا ہے۔

باب چہارم ـــــ اس باب میں مالک حضرت یوسف کا حضرت یوسف سے معذرت کرنا ـــ حضرت یوسف کا قافلہ کے ساتھ مصر میں داخل ہونا اور بعض معجزات حضرت یوسف۔ ساربان کا لاشہ سید الشہدا کے ساتھ ناروا سلوک، حرم محترم رسول خدا کا کوفہ میں آنا۔ اہل بیت کی شام میں پریشان حالی کے واقعات بیان کئے گئے ہیں۔

باب پنجم ـــــ اس میں حضرت یعقوب کی دعا حضرت یوسف کی زنداں سے رہائی۔ حضرت یعقوب کا خواب میں حضرت یوسف سے ملاقات کرنا۔ حضرت سکینہ کا حال زار۔ زنداں شام میں ان کی وفات۔ حرم اہلبیت کا دربار یزید میں داخل ہونا۔ زوجہ یزید (ہند) کا خواب دیکھنا۔ حضرت زین العابدین کو زیارت سر امام حسین کی اجازت نہ ملنا۔ اہل بیت کی مدینہ منورہ کو واپسی اور اربعین کو کربلا میں ان کی عزاداری کا حال بیان کیا گیا ہے۔

باب ششم ـــــ اس باب میں یوسف کی بھائیوں سے ملاقات، یہودا کو حضرت یوسف کا جامہ لے کر یعقوب کے پاس بھیجنا اور عود بصارت یعقوب۔ حضرت یعقوب سفر مصر اور ان کا شایان شان استقبال۔ اہل بیت کا واپس مدینہ پہنچنا۔ امام زین العابدین کا بشیر کو بلا کر مرثیہ نظم کرنے کے لئے کہنا۔ اہل یثرب کو شہادت حسین کی خبر ملنا اور ان کا ماتم میں مصروف ہو جانا۔ حضرت حمزہؑ کے واقعات شہادت اور ہند کی ان کی لاش کے ساتھ بدسلوکی کی بیان کی گئی ہے۔

خصوصیات ابواب المصائب ـــــ

اس تفصیل سے بآسانی اندازہ ہو جاتا ہے۔ کہ مرزا دبیر نے اس تصنیف میں واقعات کو ربط دینے میں اپنے علم و فضل سے پورا کام لیا ہے اور واقعات اس طرح سے ایک دوسرے سے متصل پیش ہوتے ہیں کہ مصنف کا مقصد پورا ہو جاتا ہے۔ کسی تصنیف میں مصنف کی کامیابی یہ مانی جاتی ہے کہ جس مقصد سے وہ کتاب لکھ رہا ہے وہ مقصد پورا ہو اور اس کے پڑھنے والے وہی تاثر لیں اور وہی جو مصنف اس سے چاہتا ہے۔ اس معیار پر اس کو پرکھا جائے تو مرزا دبیر کامیاب نظر آتے ہیں۔

اس تصنیف کی خصوصیات حسبِ ذیل ہیں۔

زبان ـــــ اس کی زبان اتنی آسان اور عام فہم ہے کہ آج بھی جب کہ اس تصنیف کو ڈیڑھ سو سال سے زیادہ عرصہ ہوا، اس سے وہی تاثر لیا جائے گا جو اس کے زمانۂ تصنیف میں اس سے لیا گیا فارسی کے الفاظ اس میں ضرور ہیں مگر وہی جو اردو کے اپنے معلوم ہوتے ہیں۔ اس میں بیان کئے گئے دونوں واقعات تاریخی ہیں اور آیاتِ قرآنی اور احادیث و روایات کی روشنی میں انہیں پیش کرنا تھا اس میں شرعی پابندیوں اور شرعی حدود کی قید بھی تھی مگر اس کے باوجود مرزا دبیر نے واقعات کو ایسی زبان میں پیش کیا ہے کہ معلوم ہوتا ہے کوئی سامنے بیٹھا آنکھوں دیکھی داستان نقل کر رہا ہے۔ جہاں انہوں نے عربی عبارتوں کو نقل کیا ہے۔ وہاں ان کی مختصر تشریح بھی سادہ اور عام فہم زبان میں کی ہے۔ انسان پڑھتا ہی چلا جاتا ہے۔ اس میں جہاں اشعار کا استعمال کیا گیا ہے وہاں بھی زبان کا خیال رکھا ہے۔ نظم کی زبان بھی بہت ہی آسان اور سادہ ہے۔ مرزا دبیر ایجادِ مضامین، خوبصورت تشبیہوں اور عالمانہ خیالات کے لئے بہت مشہور ہیں مگر اس تصنیف میں شامل نظموں سے یہ اندازہ ہوتا ہے کہ وہ اپنا کمال نہیں دکھانا چاہتے بلکہ آسان لفظوں میں صرف اپنا مقصد بیان کرنا چاہتے ہیں۔ اس زمانہ کے مذاق کے خلاف اس میں مسجع مقفیٰ عبارتیں بھی نظر نہیں آتیں۔

تسلسل ـــــ زبان کی روانی کی طرح اس میں واقعات کا تسلسل بھی ملتا ہے۔ تدریج قصہ آگے بڑھتا ہے۔ واقعات سامنے آتے جاتے ہیں اور انسان کے تجسس میں اضافہ ہوتا جاتا ہے

ایک فصل سے دوسری فصل اور دوسری فصل سے تیسری فصل کی طرف بڑھتے ہوئے قاری یہ محسوس نہیں کرتا کہ اس نے کچھ کھو دیا ہے۔ یا یہ کہ وہ ایک دنیا سے دوسری دنیا میں چلا گیا ہے۔ کہیں کہیں یہ ضرور محسوس ہوتا ہے کہ واقعات میں زبردستی ربط پیدا کیا جا رہا ہے مگر اس کا سمجھنا مشکل نہیں کہ گنجائش واقعہ کربلا میں ہے۔ جتنے پہلو اس واقعہ عظیم کے ہیں، مصائب کی جو داستان اس واقعہ سے منسوب ہے، واقعہ حضرت یوسف اس کا متحمل نہیں ہو سکتا۔ پھر بھی مصنف نے یہاں واقعات کربلا کو واقعات یوسف کے تحت میں رکھا ہے۔ اگر اس کے برعکس کرتے تو بات بنانا مشکل تھا۔ اسلئے کہ واقعہ کربلا زندگی کے ہر پہلو کو اپنے اندر سموئے ہوئے ہے۔ دنیا کی کسی بھی مصیبت، کسی بھی قربانی اور پریشانی کا میدان کربلا آئینہ ہے۔ یہ انسان کی قربانی کے بے کنار کی ایک کسوٹی بھی ہے اور وجہ تسلی بھی۔ اگر مرزا دبیر کربلا کے واقعات کو پہلے بیان کرتے تو اس سے یہ لطیف غیر متوازن ہو جاتی۔ مصائب حضرت یوسف کی توجیہ اور تشریح مصائب اہل بیت کے مقابلے میں کیا ہو سکتی ہے۔ دوسرا فائدہ اس سے یہ ہوا کہ مرزا دبیر عزاداران حسین کے پڑھنے اور انہیں کی بھلائی میں پڑھنے کے لئے یہ کتاب تالیف کر رہے تھے۔ اس طرح واقعات حضرت یوسف نے تمہید کا کام کر دیا۔ سب سے بڑا فائدہ اس سے یہ ہوا کہ اس تالیف کا کم نہیں بڑھنے پایا۔ واقعات حضرت یوسف نے اس کی حد میں خود بخود مقرر کر دیں۔ ورنہ جو مرثیہ گو تین سو بند کا مرثیہ کہنے کی صلاحیت رکھتا ہو۔ ایک ساتھ دو دو کا تیول کو دو مختلف مرثیے لکھ سکتا ہے۔ ایک رات میں پورا مرثیہ نظم کر سکتا ہو اس سے نثر میں اتنی مختصر سی تالیف کی امید رکھنا کچھ مشکل ہے۔ اس چیز نے اس تالیف میں تسلسل قائم رکھنے میں بھی مدد دی۔ کمال تو یہ ہے کہ اس میں نہ صرف یہ محسوس ہوتا ہے کہ کوئی واقعہ طویل یا زائد نہیں بلکہ اختصار کے ساتھ ربط واقعات کا یہ عالم ہے کہ آخر تک پڑھنے کے بعد بھی یہ محسوس نہیں ہوتا کہ کوئی چیز چھوڑ دی گئی ہے۔ حقیقی معنوں میں تسلسل اسی کو کہتے ہیں۔

ربط مصائب ——— پوری کتاب میں مصائب کا ربط اسطرح ملتا ہے کہ

انسان کی آنکھوں سے آنسو نکل جاتے ہیں۔ مرثیہ دیرتے مراثی بھی بہت مبکی ہیں اور وہ تقریباً ہر جگہ کوئی نہ کوئی ٹکڑا یا مصرعہ الیا لگا دیتے ہیں کہ قاری یا سامع مصائب اہل بیت کی طرف فوراً متوجہ ہو جاتا ہے اور روئے بغیر نہیں رہنے پاتا۔ یہی خصوصیت اس کتاب میں بھی کارفرما ہے۔ قصہ بیان کرتے ہوئے کثرت درمیان میں ایک جملہ الیا لکھ دیتے ہیں کہ پڑھنے یا سننے والا رو پڑتا ہے۔ اور یہ معلوم نہیں ہوتا کہ یہ کوشش زبردستی کی ہے اور چیدہ مصنوعی یا بدنیب ہے بلکہ یہ احساس ہوتا ہے کہ شدت جذبات سے مجبور ہو کر وہ آہ بھرتے ہیں یا نالہ سر کرتے ہیں اعلا سے میں ان کا مقصد پورا ہو جاتا ہے

تاریخی مواد —— الجوب المصائب میں تاریخی سامان بھی ملتا ہے۔ مرثیہ گویوں کا موضوع اگرچہ تاریخی ہے پھر بھی ان کے بارے میں یہ خیال کیا جاتا ہے کہ انہوں نے تاریخ کو صحیح صورت میں پیش نہیں کیا ہے بلکہ اپنی طرف سے تصرف کر کے تاریخ کی شکل مسخ کر دی ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ شاعر کا کام واقعہ میں رنگ بھرنا ہے جیسے کسی خوش مذاق مصور کے سامنے کوئی صورت رکھی جائے یہ اس کو پیش کیا جائے اور وہ اس میں اپنے موقلم سے جان ڈال دے۔ اپنے رنگوں سے اس کو حیات بخش دے یہی حال شاعرانہ تاریخ کا ہوتا ہے۔ شاعر واقعہ کا ایک خاکہ لے لیتا ہے اور پھر اس میں جذبات کی رنگ آمیزی کرتا ہے۔ بے شک وہ اس واقعہ کی حدود کے اندر رہنے کی سعی کرتا ہے مگر اپنی زبان نزاکت میں وہ ایسے بار کے پہلو کو بھی چھوتا ہے جو بادی النظر میں سامنے نہیں آتے اور جب سامنے آتے ہیں تو واقعہ کا ہی ایک جزو معلوم ہوتے ہیں۔ مرثیہ گویوں کا واقعہ چونکہ مذہبی بھی تھا اسلئے اس میں اتنی احتیاط پہلی شرط تھی کیونکہ مذہب میں تصرف اور تحریف کی گنجائش نہیں ہوتی۔ یوں تو بعض لوگ اپنے مطلب کے لئے یا اپنی جہالت کے سبب سے غیر معتبر قصے بھی اختیار کرتے ہیں۔ مگر مرثیہ گویوں کا پہلو اس سے تعلق ہے اول تو ان کے سامنے ذاتی مطلب کی کوئی اہمیت ہی نہیں تھی اگر ایسی کوئی بات ہوتی تو وہ بعید تھے۔ اس کے ساتھ ساتھ ان کی زندگی زہد و تقوے کی ایک مثال ہوتی تھی۔ سب سے بڑی بات جو ان کے تصرف و تحریف میں مانع ہوئی وہ ان کا پڑھنا لکھنا تھا۔ مرثیہ گویوں کے بارے میں تاریخی حقیقت

میر ضمیر۔ مرزا دبیر اور میر انیس کے متعلق یہ بغیر کسی مبالغہ کے کہا جا سکتا ہے کہ وہ اعلیٰ پایہ کے عالم تھے۔ اس لئے بھی جہاں اسلامی عقائد، تعلیمات اور واقعات تاریخ سے ٹکراؤ کی کوئی گنجائش پیدا ہو سکتی تھی وہ وہاں بے احتیاطی نہیں برت سکتے تھے۔ ابواب المصائب میں تو سورۂ یوسف کی تشریح کا معاملہ تھا۔ یہ کام جہاں مذہبی تھا وہاں تاریخی بھی تھا۔ پھر روایات و احادیث کی روشنی میں واقعۂ کربلا، شام و مدینہ کی بھی مرزا دبیر جیسے مرثیہ گو کے لئے وہی اہمیت تھی۔ ان چیزوں کو اس صفائی اور عمدگی کے ساتھ بیان کر کے مرزا دبیر نے نہ صرف ایک تاریخی خدمت کی بلکہ خود تاریخ کی بھی ایک خدمت انجام دی ہے۔

مرزا دبیر عصری تاریخ اور عصری واقعات کا بھرپور شعور رکھتے تھے۔ مراثی میں وہ اس شعور کا اظہار کر چکے ہیں خاص طور پر اپنے مرثیہ "اے قہر خدا رومیوں کو زیر و زبر کر" اس کتاب کو تصنیف کرتے وقت بھی انہوں نے ایک تاریخی حقیقت کا انکشاف کیا ہے کہ عزاداری کو زیادہ عروج کب سے ملا اور غرۂ محرم سے اربعین تک اودھ میں عزاداری مستقل طور پر کس عہد سے شروع ہوئی۔ اس سلسلے میں اس کتاب کے دیباچے میں تحریر کرتے ہیں :

"ہمارے بادشاہ عصر خلد اللہ ملکہٗ و سلطنتہٗ کو جناب احدیت نے فخر سلاطین سلف اور رشک بادشاہان عصر پیدا کیا کہ ازل سے آج تک کسی نے بنائے تعزیہ داری تا اربعین نہ رکھی الا اس بادشاہ خلائق پناہ نے یہ رسم حسنات مقرر فرمائی"[1]

اسی دیباچہ میں مرزا دبیر نے عصری تاریخ کا مواد اس طرح بھی فراہم کیا ہے :

"بادشاہ اس عصر کا کہ جمیع خوبیوں سے آراستہ اور تمام نیکیوں سے پیراستہ ہے حقا کہ آبا و اجداد اس بادشاہ سلیمان جاہ دارا دربان سکندر ایوان یوسف عہد نوشیرواں عصر ابو النصر قطب الدین بادشاہ غازی نصیر الدین حیدر خلد اللہ ملکہٗ و سلطنتہٗ کے بانی

---

[1] ابواب المصائب۔ (دیباچہ) ص ۴۰۵

خیر و حسنات تھے۔ چنانچہ نہر آصفی بنائی ہوئی جناب نواب آصف الدولہ مرحوم قریب نجف اشرف کے مثل چشمۂ کوثر جاری ہے۔ ازیں قبیل ہر ایک کی ذات بابرکات سے بنیاد فیض یادگار آفاق ہے"[1]۔

اس طرح سے تاریخی حالات کا بھی اس تصنیف سے اندازہ ہوتا ہے۔ قدیم تاریخ کی باتیں تو بلحاظ موضوع کتاب اہم ہیں مگر موقع پیدا کر کے عصری تاریخ کے بارے میں کچھ لکھنا ان کی اس صلاحیت کی دلیل ہے کہ عصری تاریخ کا شعور رکھنے کے ساتھ ساتھ اسے محفوظ رکھنے کے بھی مشتاق تھے۔

نثر میں موازنہ کی طرح

مرزا دبیر کی اس تصنیف میں موازنہ کی خصوصیات بھی پائی جاتی ہیں۔ یہ موازنہ اگرچہ واقعاتی ہے مگر اس میں ایک کشش ہے کہ دونوں قسم کے واقعات میں ایک خصوصیت مشترک ہے جو ایک طرف شدت اختیار کرتی ہے اور دوسری طرف اس میں اتنی شدت نہیں۔ مرزا دبیر نے اگرچہ اس کا اعلان نہیں کیا ہے اور نہ کتاب کے عنوان سے یہ ظاہر ہوتا ہے مگر پوری کتاب میں موازنہ اور میزان کا پہلو واضح ہے۔ "نخل ماتم" یا "فسانۂ عجائب" میں یہ بات نہیں پائی جاتی۔ ایک ہی کردار یا شخصیت کی زندگی کے آثار چڑھاؤ کو رقم کرنا یا ایک ہی واقعہ کے مختلف پہلوؤں میں موازنہ کر کے ان کے اسباب و علل کو سامنے رکھنا تو ایک عام چیز ہے مگر دو مختلف واقعات بلکہ دو مختلف داستانوں کی مشترک خصوصیات کو پیش کر کے یہ تاثر دلانا کہ شدت کہاں پہ ہے اور قاری کے ذہن پر اپنے تاثرات نقش کرنا بڑا مشکل کام ہے مرزا دبیر اس میں کامیاب نظر آتے ہیں۔ اوّل الذکر کی بھی اس میں کمی نہیں اور موخر الذکر خصوصیت پر تو پوری کتاب ہی مبنی ہے۔ اوّل الذکر کی ایک مثال یہاں پیش کی جاتی ہے:

"جب یعقوب علیہ السلام یا یوسف سے بیہوش ہو کر ہوش میں آئے تو فی الفور اپنے بیٹوں کو حکم دیا کہ گرگ کو حاضر کرو۔ فرزندان یعقوب طرف

[1] ابواب المصائب (دیباچہ) ص۴

پوری تصنیف میں [illegible] مختصر تعارف ذیل میں کرایا جاتا ہے۔

پہلا رطب — فضیلت سخت [illegible] اور حکایت حجاج کہ ایک سید کا قتل چاہتا تھا سید نے اثبات حق کر کے اس سے نجات پائی۔

دوسرا رطب — فضیلت امام حسین بہشت سے پوشاک کا آنا حسینؑ کے لئے اور شہادت امام حسینؑ کا بیان۔

تیسرا رطب — شہادت چہاردہ معصومین کا ذکر اور بیان یہودی کا۔

چوتھا رطب — فضائل و مصائب حضرت فاطمہ زہراؓ۔

پانچواں رطب — گریہ و فریاد جناب فاطمہ زہراؓ۔

چھٹا رطب — جناب امیر المومنینؑ کے فضائل اور ان کی شہادت کا بیان۔

ساتواں رطب — معصومین پر بنی امیہ کے ظلم کا بیان۔

آٹھواں رطب — بیان جوانی عباس مکانہ امام حسینؑ کا شمر کے ساتھ اور شہادت امام حسینؑ۔

نواں رطب — فضائل تعزیہ دار اور شیعہ۔

دسواں رطب — بیان یوم شہادت امام حسینؑ۔ آسمان سے خون برسنا۔ بیان احوال سر اطہر

گیارہواں رطب — بیان فضائل گریہ اور سرہائے شہدا کا شہر عسقلان میں پہنچنے کا۔

بارہواں رطب — بیان فضائل شیعہ اور ایام محرم اور حضرت سکینہ کے خواب کا بیان۔

تیرہواں رطب — روایت مومن لبنی کا بیان۔ (معجزات امام۔ مومن کا پانی موتیوں میں بدلنا اور اس کی بندہ کا زندہ ہونا)۔

چودہواں رطب — بیان ثواب گریہ۔

تحفہ ماتم ایک ایسی نثری تصنیف ہے جس کی اہمیت فقط اتنی ہے کہ یہ اس زمانے کی ہے جب اردو نثر کی طرف کوئی توجہ نہیں کی جاتی تھی۔ اور موضوع کے لحاظ سے تو خاص طور پر نثر میں ایسی

روضۃ الشہدا میں بھی سورۂ یوسف کے نزول کی وجہ بھی بیان کی گئی ہے۔ غرض مرزا دبیر کی یہ تصنیف کئی خصوصیات کی حامل ہے اور اس کی رواں نثر کو دیکھ کر یہ بتانے میں کسی قسم کا مبالغہ نہ ہوگا کہ مرزا دبیر کو زبان پر پوری قدرت حاصل تھی اور وہ جہاں جیسی زبان چاہتے استعمال کر سکتے۔ اتنا عرصہ گذر جانے کے باوجود اس تصنیف کی زبان اب بھی بولی اور سمجھی جاتی ہے۔ اگرچہ مرزا دبیر کے لئے یہ تصنیف کوئی سرمایۂ افتخار نہیں ہے۔ جو مقام ان کا مرثیہ گوئی میں ہے وہ مسلم ہے مگر یہ خصوصیت بہت کم شعراء میں ہوتی ہے کہ ان کی نظم کے ساتھ ساتھ نثر بھی مرزا غالب کی طرح مقبول ہو۔

قلم کاروں سے گزارش

* ـــــ مضامین وغیرہ صفحے کے ایک طرف خوش خط لکھ کر روانہ کیا کریں
* ـــــ شیرازہ کے لئے روانہ کردہ تخلیقات بغیر اطلاع دیئے کسی دوسرے رسالے کو نہ بھیجیں۔ تکرار اشاعت پر ادارہ معاوضہ دینے سے معذور ہوگا۔
* ـــــ صرف غیر مطبوعہ اور غیر نشر شدہ تخلیقات ہی بغرض اشاعت روانہ کیا کریں۔
* ـــــ اپنا نام اور پورا پتہ لکھنے کے علاوہ "غیر مطبوعہ" لکھنا نہ بھولیں۔

اشرف ساحل

○

آؤ ٹھہرا ہوا دھواں کھولیں
اپنے کمروں کی کھڑکیاں کھولیں

بند مٹھی میں خواب سوتے ہیں
گرد آلود انگلیاں کھولیں

بیت جائیں نہ رنگ کے موسم
سبز خوابوں کی تتلیاں کھولیں

اپنے سائے میں پیڑ سمٹے ہیں
تیز بارش میں ڈالیاں کھولیں

اس طرف پھر ہوا چلے نہ چلے
اپنے جسموں کے بادباں کھولیں

●

باندھتی ہے روز اک منظر ہوا
نقشِ پا سے موج تک در در ہوا

ڈوب جاتی سمت نامعلوم میں
لے کے میرے بام و در سر پر ہوا

میں سُلگتی شاخ پر سایہ طلب
چٹکیوں میں لے گئی بھر کر ہوا

آوماپیں مرقدوں کی تختیاں
زینہ زینہ چھوڑتی ڈر کر ہوا

روز خود سے پوچھتا ہوں اک سوال
مانگتی ہے مجھ سے کیوں چیکر ہوا

پھر اسے نادانیوں کا شوق ہے
گھر جلا کر باندھ اپنے سر ہوا

اب صدائے زندہ ہر سو مر گئی
دے سزا کچھ پھینک دے پتھر ہوا

نیم راہ بجھتے چراغوں کا سفر
حادثہ ہے، کہہ گئی آخر ہوا

دھوپ میں جلتے بدن کو آنچ دے
مانگتی شہباز بام و در ہوا

شہباز راجوروی

اب کوئی لفظ نہیں میرے فسانے کیلئے
سارے مفہوم مٹے خود کو بنانے کیلئے

کس نے آندھی سے لیا مانگ کے چہرہ؟
کون آئیگا ہواؤں کو بجھانے کیلئے

پھر کسی شاخ پہ باندھے کی ہو الجھ کو
رہ گیا ایک تصور ہے دِوانے کیلئے

لوگ راہوں پہ چلے نقش قدم کے پیچھے
وہ تو نکلا ہے فقط خاک اڑانے کیلئے

حیدر راستے

خبیث لمحے

"تمہارا یہ جینے کا ڈھنگ کیسا ہے" میں نے قیصر سے پوچھا۔

"میں دوڑ کر بھاگ جانے کا قائل ہوں" اس نے جواب دیا۔

"تمہارا مطلب زندگی سے مفروریت تو نہیں؟" میں نے پوچھا۔

"ہاں! وہی" اس نے جواب دیا۔

"لیکن میں اس کا قائل نہیں"

اُف! میرے خدا۔ مجھے اب تک سب کچھ یاد ہے۔ میں نے اپنے ذہن کو زور سے جھٹک دیا۔ مجھے ایسا محسوس ہوا جیسے بہت سے ننھے ننھے کیڑے میرے جسم میں رینگ گئے ہوں۔ اب میں تھک چکا ہوں۔ میں نے قیصر کو سمجھایا تھا اسے بتایا تھا کہ غم کے مراحل، جدوجہد کے سخت منازل، راستے کے پیچ و خم میری طرح ہر انسان کو تھکا دیتے ہیں۔ جلا جلا کر صلیب بنا دیتے ہیں۔

اس دن میں تالاب کے کنارے بیٹھا تھا۔ قیصر بھی پاس ہی تھا۔ اس نے تالاب میں ایک کنکر پھینکا۔ پانی کی سطح پر بلبلے اور گرداب پھیلنے لگے۔ پھر

وہ بڑھتے گئے اور آخر کار ختم ہو گئے۔ میں نے قیصر کی طرف دیکھا جیسے پوچھنا چاہتا ہوں کہ یہ قبیلے اور گرداب کہاں گئے۔ لیکن میں اس سے کچھ نہیں پوچھ سکا۔ صرف اسے ایک ٹک دیکھتا رہا۔ اپنے الفاظ بھی ایک مدت سے اپنی جیبوں اور جسموں کی طرح خالی ہیں۔ کیا یہ سڑتا گلتا جسم زندگی سے لڑ پائے گا؟ کیا یہ جیت بھی جائے گا؟ لیکن نکھوٹھا برس سے اس حوا کی بیٹی نے کتنے سڑتے گلتے جسموں کو جنم دیا ہے۔ کیا وہ لوگ صلیب پر نہیں لٹک گئے۔ ان کے جسموں کو چیل کوؤں نے نہیں نوچا۔ میں نے بارہا کہا۔ قیصر! میں تم سے جیت نہیں سکتا۔ درخشاں زندگی کا تجسس تمہیں جو رو وحشت پر مجبور کرتا رہا ہے لیکن میں ـــ میں نئی زندگی کے طلسمی تصورات کی مشعلیں جلاتا رہا ہوں۔

اس روز میں نے ساحل سے پوچھا۔ زندگی کے بارے میں تمہارا کیا نقطۂ نظر ہے۔ ساحل مسکرایا اور بولنے لگا۔ زندگی سورج کا ایک گولا ہے۔ میں ہنس پڑا، لیکن وہ بولتا رہا۔ وہ دیکھو! کس طرح سورج کا گولا شام کو منہ چھپانے جا رہا ہے۔ نہیں! تم نہیں بتا پاؤ گے راحت! ـــ ٹوٹنا ہی بکھرنا اور مرنا ہے اور یہی زندگی ہے ـــــــ میں زیرِ لب مسکرا رہا ہوں اور سورج رہا ہوں۔ زندگی کا فلسفہ کتنا کڑوا ہے۔ کس قدر تلخ ہے۔ جیسے! جیسے ـــ وہ ٹوٹے ہوئے برس کا ایک گھونٹ۔

میں نے آتش دان میں آگ سلگا دی ہے اور اپنا بوسیدہ رومال نکال کر ٹوٹے ہوئے میز پر رکھ دیا ہے۔ اور سونا ہی چاہتا ہوں کہ آفتاب طلوع ہو گیا ہے اور اس کی شعاعیں کمرے کے اندر داخل ہو گئی ہیں۔ کھڑکیوں کے شیشوں پر باہر برف جم گئی ہے جس سے میں باہر جھانکنے کی ناکام کوشش کر رہا ہوں۔ اچانک میرے کانوں تک یہ آواز پہنچتی ہے۔ کلیم کہہ رہا ہے جب گفت کے دو لوتھڑے آپس میں ملتے ہیں اور ایک دوسرے میں مدغم ہو جاتے ہیں تو

ایک تیسرا گوشت کا لوتھڑا وجود میں آتا ہے اور یہی زندگی ہے۔

مستفیض کا فلسفہ میں نے قیصر کو سنایا تھا۔ وہ پاگلوں کی طرح ہنسنے لگا وہ کہنے لگا زندگی پانی کی ایک بوند کی طرح دھوپ میں رکھی ہے اور دھیرے دھیرے اُڑ رہی ہے تو یہ صلیب کہاں سے آیا۔ عیسیٰؑ کہاں سے آئے۔ میں کہاں سے آیا۔ تم کہاں سے آئے ——— نہیں راحت! زندگی یہ نہیں ہے۔ زندگی کچھ بھی نہیں ہے۔ چلو ہم دونوں خودکشی کر لیں۔ اپنے اپنے غموں کا مداوا ڈھونڈ لیں۔ اپنے اپنے کاندھوں سے یہ صلیب اتار پھینکیں ——— راحت! آخری سانسوں تک تمہارا دل خلاؤں میں جلتے ہوئے سیاروں کے مانند اس دھرتی پر روشن رہے گا۔ لیکن تم جانتے ہو کہ تم مر چکے ہو۔ تم اپنی اُنجی ٹانگوں سے ایک قدم بھی نہیں چل سکتے۔ تمہارا جسم موت سے بھی کڑا ہے۔ تمہاری سُلگتی ہوئی مردہ آنکھیں جفاکاروں کو بھسم کر دینے کے لئے کافی ہیں۔ تمہارے نفرت سے تپتے ہوئے ہونٹ خشک ہیں۔ تمہارے جسم کو کیڑے لگ رہے ہیں ——— راحت۔ راحت! میں بھی تھک گیا ہوں ——— اور میں چونک سا گیا۔ میری آنکھیں اسے گھورتی رہیں۔ مُندی مُندی آنکھوں سے میں اسے دیکھتا رہا۔ یہاں تک کہ اس کا وجود دُھندلی فضاؤں میں غائب ہو گیا۔ لیکن پھر اُبھر آیا۔ اور مجھے ایسا لگا جیسے وہ زمین پر بے حس و حرکت پڑا ہے۔ پھر یکایک اس کے جسم سے کُلبلاتے ہوئے کیڑے نکلنے لگے ——— اور پھر دور دُھندلی فضاؤں کو چیرتا ہوا نہ جانے کہاں سے وہ گدھ اڑتا ہوا آیا اور جھپٹ کر اسے اپنے مضبوط پنجوں میں دبا کر ایک طرف کو اُڑ گیا ——— فضاؤں میں ہر طرف کیڑے ٹپکتے جا رہے تھے۔

عمر مجید

صبح ہمارے لئے بھی تو تھی

جب سے عالم ارواح میں اُن نئی بائیس روحیں آگئی تھیں تب سے سارے عالم ارواح میں ایک ہو کا عالم طاری تھا۔ نہ نیک ارواح کی حمد خوانی سنائی دے رہی تھی، نہ بُری ارواح کی چیخ و پکار۔ ہر روح اپنے اپنے مسکن میں چپ چاپ پڑی کچھ سوچتی رہتی۔ شیطانی ارواح کا حال کچھ زیادہ ہی بُرا تھا۔ وہ رات دن چپکے چپکے آنسو بہایا کرتی تھیں جب سے عالم ارواح وجود میں آیا تھا تب سے یہ پہلا موقعہ تھا جب شیطانی ارواح بھی اپنی شیطنت کو بھول گئی تھیں جیسے وہ اپنی ہر شیطنت پر شرمسار ہوں۔ عالم ارواح کی اس ویرانی اور افسردگی کو دیکھ کر بزرگ روحیں کانپ رہی تھیں، سب سے بڑی مصیبت یہ تھی کہ عالم ارواح میں وارد ہونے والی یہ بائیس روحیں سب کی سب نیک تھیں، معصوم، پاکیزہ، صاف،

دھلی دھلی سی، جیسے فرشتے ابھی ابھی اُن کے دامنوں پر نماز ادا کر چکے ہوں۔ اس واقعہ سے قبل جب بھی کوئی نئی روح عالم ارواح میں قدم رکھتی تو ایک ہنگامہ سا برپا ہوتا۔ اگر کوئی بد روح داخل ہوتی تو بُری روحیں شادیانے مناتیں، اپنی شیطنت کا کھلے بندوں مظاہرہ کرتیں اور نیک ارواح کا تمسخر اُڑاتیں ـــ اور جب کوئی نیک روح عالم ارواح میں وارد ہوتی تو تمام نیک روحیں اپنے رسم و رواج کے مطابق اُس کا استقبال کرتیں اور فوراً ایک دعائیہ مجلس کا اہتمام کیا جاتا۔ لیکن اب کی بار اُن بائیس کی بائیس نیک ارواح نے ایک ساتھ عالم ارواح میں قدم رکھا تھا۔ نیک ارواح کی استقبالیہ کمیٹی پہلے ان بائیس روحوں کو دیکھکر حیرت زدہ ہوتی پھر خود بخود اُن کی آنکھوں سے آنسو رواں ہوتے اور دوسری طرف بد روحوں کا گروہ جو کیل کانٹے سے لیس ہو کر نیک روحوں کا تمسخر اڑانے آیا تھا ان بائیس ارواح کو دیکھنے ہی سکتے میں آگیا تھا۔

جب افسردگی کے سمندر میں ویرانی کی وسعت میں مزید اضافہ ہوا تو بزرگ ارواح نے فوری طور پر ایک ہنگامی اجلاس طلب کیا جس میں تمام نیک اور بُری بزرگ روحوں نے شرکت کی۔ اجلاس کی کارروائی کئی دن تک چلتی رہی ـــ طویل بحث و مباحثہ کے بعد اجلاس اس نتیجہ پر پہنچا کہ تازہ وارد ہونے والی بائیس ارواح سے مکمل تفصیلات جمع کی جائیں کہ وہ درشیزگی کے عالم میں ہی دنیا کو چھوڑ کر کیوں آئیں۔ وہ کن حالات میں اپنے اپنے جسموں سے آزاد ہوئیں اور جب وہ اپنے جسموں میں تھیں تو اُن پر کیا بیتی ـــ! مقررہ دن بائیس ارواح کو جلسہ گاہ میں طلب کیا گیا اور اجلاس کے فیصلے سے آگاہ کیا گیا ـــ جسے سن کر وہ پھر سے آنسو بہانے لگیں جیسے اُن کی آنکھوں سے بہتے ہوئے پاکیزہ پانی کے قطروں میں ہر سوال کا جواب پوشیدہ ہو۔

ایک نیک روح جس کے سینے میں ایک بڑا سا سُرخ داغ تھا اور جس نے

صرف ایک لنگوٹی باندھ رکھی تھی نیک ارواح سے مخاطب ہوتی۔

"بیٹیو، ہم تمہیں اس طرح آنسو بہاتے نہیں دیکھ سکتے۔ جب سے تم یہاں آئی ہو تب سے یہاں کا سارا نظام بگڑ چکا ہے ——" اپنی عینک اُتار کر اپنی آنکھیں پونچھتے ہوئے اُس نے اپنا کلام جاری رکھا۔ "عالم ارواح کے بھی اپنے قوانین اور قاعدے ہیں۔ تمہارے یہاں آنے سے یہاں کے روزمرہ کے کام کاج میں خلل پڑ گیا ہے جیسے تمہیں دیکھکر یہاں کی ہر روح اپنی اپنی جنگہ شرمسار ہو —— ایسا کیوں ہوا ہے کوئی نہیں جانتا۔ ہماری اس الجھن کو تم ہی دور کر سکتی ہو۔ اجلاس تمہارا مشکور ہوگا اگر تم اپنی اپنی کہانی سے اجلاس کو روشناس کر سکو تاکہ ہمیں غور و فکر کرنے کے لئے مواد مل سکے۔"

اس نیک روح کے قریب بیٹھی ہوئی ایک اور نیک روح جس کے سینے پر ایک تازہ گلاب مہک رہا تھا نے چشمہ والی روح کی تائید کی۔

تب اُن نیک بائیس ارواح میں سے ایک روح کھڑی ہوگئی اور اپنے چہرے پر پڑی ہوئی نقاب اُلٹ دی۔ اُس کے چہرے پر صبح کا سورج مسکرا رہا تھا۔

"میں ایک دن اپنے بیلوں کی جوڑی کو چارہ ڈال کر فارغ ہوئی تھی۔ میرے بابا کھانا کھا کر کھاٹ پر بیٹھے حقہ پی رہے تھے، وہ کچھ پریشانی سے دکھائی دے رہے تھے۔ میری ماں بھی پریشان نظر آ رہی تھی۔ معمول کے مطابق میں اپنے بابا کی گود میں جا کر بیٹھ گئی۔ بابا عادت کے مطابق میرے سر پر ہاتھ پھیرنے لگے۔ پھر میری ماں سے بولے:

"سنے کی ماں۔ کچھ سمجھ میں نہیں آتا کہ کیا کریں۔ آج اپنے ہی وطن میں ہم غیر بن کے رہ گئے ہیں۔ یہاں کی مٹی میں ہماری پانچ پشتیں دفن ہیں اس کے باوجود ہم غیر ملکی ہیں —— لیکن..... میرے وطن سے میری لاش ہی نکلے گی۔!"

بابا نے سچ ہی کہا تھا، اُن کی لاش کو بہت دور تک گھسیٹ کر لے جایا گیا اور پھر اُن کی لاش دریا میں پھینک دی گئی۔ اور مجھے یاد نہیں کہ مجھے مارنے سے پہلے کتنی مرتبہ قتل کیا گیا میں نے اطمینان کی سانس اُس وقت لی جب میں اپنے پنجرے سے باہر نکل آئی ۔!

"میری کہانی بھی کچھ اسی نوعیت کی ہے"۔ دوسری نیک روح جس کے چہرے پر دوپہر کا سورج چمک رہا تھا اپنے آنسو پونچھتے ہوئے بولی " وہ ایک کالی بھیانک رات تھی۔ میرا نوجوان بھائی ایک تیز کلہاڑا لے کر بار بار دروازے کی طرف لپک رہا تھا اور میرا باپ اُسے باہر جانے سے روک رہا تھا۔ ہمارے گاؤں کو چاروں طرف سے گھیرا جا چکا تھا۔ میں اپنی ماں سے لپٹ کر ہچکیاں لے رہی تھی ـــ میرا بھائی چیخ رہا تھا چلا رہا تھا ـــ "مجھے چھوڑ دو، ہم کب تک اس طرح نالی کے گندے کیڑوں کی طرح مسلے جائیں گے، کیا ہوا کہ ہم اچھوت ہیں، بزدلوں کی طرح مارے جانے سے بہتر ہے کہ ہم اپنے خون سے آگ کے شعلوں کو ٹھنڈا کر دیں ـــ"

" میرے بھائی نے بھی ٹھیک ہی کہا تھا۔ اُس کا خون کالی کالی راکھ اور ادھ جلی لکڑیوں میں جذب ہوتا رہا۔ لیکن اتنی ہی دیر میں مجھے نجانے کتنی بار زندہ آگ میں جلایا گیا ـــ میں تب تک جلتی رہی جب تک نہ اپنے پنجرے سے باہر نکل آئی ـــ"

" ـــــ وہ خزاں کی ایک خاموش سی شام تھی ـــ" تیسری نیک روح جس کے چہرے پر ریگستان کا سورج اپنی پوری آب و تاب کے ساتھ چمک رہا تھا نے کہنا شروع کیا ـــ" میں اپنی تین بکریوں کو لے کر گھر لوٹ رہی تھی۔ پیاس کی وجہ سے میرا بُرا حال ہو رہا تھا۔ میں جلد سے جلد چودھری کاکا کے ٹیوب ویل پر پہنچنا چاہتی تھی۔ چودھری کاکا مجھے اپنے کنویں کا خوب پانی پلاتے تھے۔ آج جب میں کنویں پر پہنچی تو مجھے ایسا لگا

جیسے چودھری کاکا میری راہ دیکھ رہے ہوں۔ انہوں نے مجھے خوب پانی پلایا اور پھر اچانک مجھے ایسا محسوس ہوا جیسے انہوں نے ٹیوب ویل کا سارا پانی مجھ پر انڈیل دیا ہو۔ میرا دم گھٹنے لگا۔ میں نے چیخنا چاہا لیکن چودھری کاکا کا بڑا سا ہاتھ میرے منہ پر مضبوطی سے جما ہوا تھا۔ پھر نہ جانے کیا ہوا۔ چودھری کاکا کی گرفت ڈھیلی پڑ گئی۔ میں نے دھندلاتی ہوئی آنکھوں سے دیکھا۔ چودھری کاکا کا دوست برجو چاچا چودھری کاکا سے کچھ کہہ رہا تھا۔ پھر وہ دونوں زور زور سے ہنسنے لگے۔ ایک مرتبہ پھر مجھ پر ٹیوب ویل کا سارا پانی انڈیل دیا گیا۔ پیاس کے مارے میرے حلق میں کانٹے چبھنے لگے۔ پھر مجھے ایسا لگا جیسے میرے چاروں طرف پانی ہی پانی ہو۔ گرم ابلتا ہوا، مٹیالا، ڈراؤنا، اور میں اس میں ڈوب رہی ہوں ــــ میں ہاتھ پاؤں مارنے لگی۔ لیکن میں ڈوبتی چلی گئی ــــ ڈوبتی چلی گئی۔ اور پھر گھبرا کر میں اپنے پنجرے سے باہر نکل آئی ــــ!"

"میرے بابا، میرے دو بھائی، دوسرے کان مزدوروں کے ساتھ کوئلے کی کان میں اس طرح پھنس کر رہ گئے کہ پھر کبھی نظر نہ آئے ــــ" چوتھی نیک روح جس کا چہرہ یوں نظر آ رہا تھا جیسے سیاہ کوئلوں میں سفید موتی کرنیں بکھیر رہا ہو، اجلاس سے مخاطب ہوئی۔

"اپنے بابا اور بھائیوں کے کان میں پھنس جانے کے بعد میری ماں تھوک کے ساتھ خون اگلنے لگی۔ ایک صبح کو اس نے کھانستے کھانستے دم توڑ دیا۔ میں دن بھر سڑکوں پر بھیک مانگتی پھرتی پھر شام کو مزدوروں کی بستی میں کہیں پڑی سوئی رہتی ــــ ایک رات جب میں اپنے بابا، اپنی ماں اور اپنے بھائیوں کو یاد کر کے رو رہی تھی تو کسی نے میرے سر پر ہاتھ رکھا۔ وہ سُکھ نہیں تھا۔ کان کے مالک کا ڈرائیور ــــ وہ مجھے ایک بڑے سے مکان میں لے گیا جہاں مجھے کھانے کے لئے ڈبل روٹی اور پینے کے لئے دودھ ملا۔ پھر مجھے گرم پانی سے نہلایا گیا پھر صاف ستھرے کپڑے پہنائے گئے پھر ایک ایسے کمرے میں لایا گیا جس میں روشنیاں ہی روشنیاں تھیں۔

لیکن جب میں اس کمرے سے باہر نکلی تو میرے چار اطراف اندھیرا تھا۔ میری حالت دیکھ کر کان مزدور بپھر گئے۔ پولیس آگئی۔ پہلے لاٹھی چلی۔ پھر گولی چلی۔ پھر پولیس والوں نے عورتوں کو گھسیٹنا شروع کیا۔ مجھے ایک بار پھر کوئلہ کی اندھیری کان میں پھینک دیا گیا۔ اب کی بار یہ کام میرے ہی محافظوں نے خود اپنے ہاتھ سے کیا تھا۔ ہزاروں فیٹ نیچے کہیں پاتال میں مجھے نجانے کب تک گھسیٹا گیا۔ پھر جب میرا سارا جسم لہولہان ہو گیا اور سانس لینا ناممکن بن گیا تو میں فوراً اپنے پنجرے سے باہر نکل آئی۔!!

پانچویں نیک روح جس کا چہرہ بادام کے شگوفوں کی طرح کومل تھا پہلے خاموشی سے آنسو بہاتی رہی پھر ایک گہری سانس لے کر بولی۔

"میں ایک سندر سی جھیل میں اپنے ابو کے ساتھ ایک چھوٹے سے ڈونگے میں رہتی تھی۔ میرے ابو کی محبت میرے لئے سب کچھ تھی۔ وہ دن بھر محنت مزدوری کر کے میرے لئے ڈھیر سارے کھلونے لے آتے اور میں شام ہوتے ہی لالٹین جلا کر ڈونگے کے اگلے سرے پر بیٹھ کر اُن کا انتظار کرتی رہتی ــــ اُس دن ابو نے نجانے کیوں آنے میں دیر لگا دی ــــ پھر کسی نے مجھے آواز دی۔ وہ اکبر تھا جو قریب کے ہاؤس بوٹ کے برآمدے میں بیٹھا ہوا تھا وہ ایک چھوٹے سے شکارے میں بیٹھ کر ہمارے ڈونگے تک آیا۔ اس کے بعد کیا ہوا مجھے کچھ بھی یاد نہیں۔ میرے چاروں طرف پانی ہی پانی تھا، لیکن نہیں، آگ ہی آگ تھی ــ شاید لالٹین لڑھک گئی تھی ــ ڈونگہ آگ کی لپیٹ میں آگیا تھا۔ اکبر جا چکا تھا اور ڈونگہ جل رہا تھا۔ میں پانی میں کود کر اپنے آپ کو بچا سکتی تھی لیکن نجانے کیوں میں نے اپنے آپ کو آگ کے شعلوں کے حوالے کر دیا۔ پھر جب جلتا ہوا ڈونگہ آہستہ آہستہ پانی میں بیٹھ گیا تو میں اپنے پنجرے سے باہر نکل آئی۔"

ابھی چھٹی نیک روح اپنی کہانی سنانے ہی جا رہی تھی کہ یکایک جلسہ گاہ میں کھلبلی سی مچ گئی۔ چشمہ والی نیک روح کے سینے کا داغ واضح طور نظر آنے لگا تھا اس میں سے خون کا ایک فوارہ چھوٹ پڑا تھا ــ وہ نیک روح جس کے سینے پر سُرخ گلاب مہک رہا تھا افسردگی کے عالم میں سر جھکائے کچھ سوچ رہی تھی ــ!!

میری نظر میں

(تبصرے کے لئے کتاب کے دو جلد رکھنا ضروری ہے)

"اصولِ تعلیم"

خواجہ غلام السیدین

قیمت :- =/۲۲ روپے

ناشر: ترقی اردو بیورو۔ حکومتِ ہند۔ نئی دہلی

خواجہ غلام السیدین کی یہ کتاب ان کی نوجوانی میں شائع ہوئی تھی۔ خواجہ صاحب ایک ماہرِ تعلیم تھے۔ اگرچہ ان کو اُن کے مرتبہ و منصب کی بنا پر اُردو میں ساہتیہ اکادمی کا ایوارڈ عطا کیا گیا۔ لیکن واقع یہ ہے کہ وہ اپنی ادبی حیثیت سے زیادہ اپنی تعلیمی خدمات کی وجہ سے ہی یاد کئے جاتے رہیں گے۔ خواجہ صاحب کو جن لوگوں نے سُنا ہے۔ انہیں اُن کی زبان کی مٹھاس اور ان کے لہجے کی نرمی کا خوب اندازہ ہوگا۔ یہ خصوصیات اُن کے قلم میں بھی تھیں اور تعلیمات کے خشک موضوع میں بھی

انہوں نے بڑی شیرینی اور شگفتگی پیدا کی ہے۔ خواجہ صاحب کے مطالعے کی وسعت نے اِس کتاب کو اس قابل بنا دیا ہے کہ اِسے اساتذہ کے علاوہ عام قاری بھی پڑھے تو لطف اندوز ہوگا۔

کتاب کو اگرچہ ٹائپ میں چھاپا گیا ہے لیکن سچی بات تو یہ ہے کہ بات بنی نہیں۔

کتاب اپنی درسی اور نصابی اہمیت کے لحاظ سے ہاتھوں ہاتھ لئے جانے کی مستحق ہے۔

سوا پانچ سو صفحات کی ضخیم کتاب کے لئے قیمت ناقابلِ یقین حد تک معقول ہے۔

"وضع اصطلاحات"

سید وحید الدین سلیم

قیمت: ۱۲/۸۰ روپے

ناشر: ترقی اُردو بیورو۔ حکومتِ ہند، نئی دہلی

"وضع اصطلاحات" اردو کی عہد ساز کتاب ہے اور اس کی وجہ سے صرف وحید الدین سلیم کا ہی نہیں بلکہ اس کے اولین ناشر عثمانیہ یونیورسٹی کا نام بھی روشن ہوا تھا۔ اس کتاب کو دوبارہ چھاپ کر بیورو نے ثواب تو حاصل کیا ہے۔ لیکن اُردو اور اصطلاح سازی کے جدید تقاضوں سے آنکھیں چار کرنے کو ٹال دیا ہے۔ شاید اس کی ایک وجہ اُردو کی کسمپرسی بھی ہو جس کی وجہ سے آج اُردو میں کتابوں کی تواریخی اہمیت کو ان کے عملی اور افادی پہلو پر ترجیح دی جا رہی ہے۔ واقعہ یہ ہے کہ جب سے سلیم نے یہ کتاب لکھی اُردو کا سارا معاشرتی اور سیاسی پسِ منظر بدل گیا ہے اور ان چیزوں کا زندہ زبانوں کی اصطلاح سازی

سے بڑا گہرا رشتہ ہوتا ہے۔ جو لوگ اس حقیقت سے آنکھ چراتے ہیں وہ زبان کے وسیع مفادات سے وفاداری کا ثبوت نہیں دیتے۔ مثلاً ہندی زبان میں اصطلاح سازی کے جو نئے طریقے اور اصول اختیار کئے گئے ہیں۔ انہوں نے اس زبان کی بنیاد کو وسعت عطا کرنے کے علاوہ اسکی لفظیات کو بھی ایک نئی تندرستی عطا کی ہے۔ ٹی وی کیلئے "دوردرشن" اور جسٹس کیلئے "نیائے مورتی" کی اصطلاحیں وضع کرنا ایک نئے نسل کی امید دیتے اور تازہ کاری تخلیقی جہت کا سراغ دیتے ہیں۔ وحید الدین سلیم کے کسی حد تک فرسودہ خیالات کو کسی تازہ کار مترجم کے حواشی کے ساتھ شائع کرایا جاتا تو اس کتاب کی علمی اہمیت میں اضافہ ہو جاتا۔ مگر اس طرح سے تو اردو کے تیس چالیس سال کے مقدس برتاؤ میں شاید فرق پڑنے کا احتمال پیدا ہو سکتا تھا۔ کتاب بیوریو کی روایت کے مطابق بہت خوب چھپی ہے اور اس قیمت میں تقریباً مفت ہے۔

محمد یوسف ٹینگ ——— ○